ماہنامہ خزینۂ روحانیات
1
جنوری 2022ء
مندرہ کبیر جادو اور جنات کے اثرات کے علاج کا سرتاج عمل
تعارف
"مندرہ" علوی عملیات کا سرتاج کثیر المقاصد عمل ہے۔ خاص کر یہ بڑے سے بڑے جادو اور خطرناک جنات و شیاطین کے خلاف ایک مضبوط ہتھیار ہے۔ اس کے پیچھے جو غیبی مخلوق ہے، وہ جادو، جنات اور دشمنوں کے خلاف بہت تیز کام کرتی ہے اور ضرورت پڑنے پر مخالف کو خوب سبق بھی سکھاتی ہے۔ مندرے کے عامل پر جادو اور جنات آسانی سے حملہ آور نہیں ہو سکتے۔
عمل کے فائدے درج ذیل ہیں
ہر طرح کے جنات کے اثرات سے نجات
ہر طرح کے آسیب کے اثرات سے نجات
ہر طرح کے شیاطین کے اثرات سے نجات
ہر طرح کے جنات، آسیب، شیاطین حاضری والے مریض کا علاج
کسی بھی جگہ سے ہر طرح کے جنات، آسیب کو نکالنا
ہر طرح کے جنات، آسیب، شیاطین سے مریض اور جگہ کی حفاظت
مریض کے جسم میں مسلط مخلوق کو حاضر کرنا
ہر طرح کے جادو سے نجات
سحر مسلسل کے علاج کا خاص طریقہ
ہر طرح کے جنات، آسیب، شیاطین کو قید کروانا
مریض یا جگہ پر مسلط جنات، آسیب کو اٹھوا لینا
مریض یا جگہ پر مسلط شیاطین کو اٹھوا لینا
ہر قسم کے جادو کو واپس پلٹانا
جادو کروانے والے کی طرف جادو پلٹانا
جادو کرنے والے کی طرف جادو پلٹانا
ہر طرح کی بندشوں سے نجات
ہر طرح کی شادی، کاروباری بندش سے نجات
مختلف دنیاوی کاموں کے لیے
کسی بھی جگہ سے ہر طرح کے شیاطین کو نکالنا
کسی بھی جگہ سے ہر طرح کے جادو کو ختم کرنا
کسی بھی جگہ سے ہر قسم کی بندش کو ختم کرنا
ہر طرح کے جادو سے مریض اور جگہ کی حفاظت
ہر طرح کی بندشوں سے مریض اور جگہ کی حفاظت
سفر میں ہر قسم کی حفاظت
مختلف بیماریوں سے شفاء
مختلف دردوں سے شفاء
اٹھراہ کے مرض سے نجات
زہریلے کیڑے کے کاٹے کا علاج
حلال جانوروں کی بیماریوں کا علاج
ناجائز تعلقات کی جدائی
ہر قسم کے دشمنوں سے نجات
مخالفین کی زبان بندی
دشمن یا ظالم عامل کے عمل کو ضائع کرنا
اجازت کے لیے اہلیت
ایسے تمام افراد جنہوں نے جادو جنات کے بنیادی عمل کیے ہوں، لے سکتے ہیں۔
ہدیہ عام اجازت:
7,100 روپے
اجازت لینے کا طریقہ
مندرہ کا عامل بننے کے لیے عمل کا ہدیہ ادا کر کے چلہ کشی کرنی ہوتی ہے۔
خاص اجازت
جو لوگ چلہ کشی نہیں کر سکتے، ان کو خاص اجازت بھی دی جاتی ہے، جس میں ضرورت پڑنے پر مختصر مدت میں عمل جاری کروا دیا جاتا ہے۔ ھدیہ دوگنا ہے۔
آگے سیکھنے کی خاص اجازت
جو عامل یہ چاہتے ہیں کہ اس عمل کو آگے سکھائیں، وہ پہلے خود اس عمل کے عامل بنیں گے۔ پھر رابطہ کر کے آگے سکھانے کی خاص اجازت حاصل کر سکتے ہیں۔
روحانی درسگاہ لاہور پاکستان
دار العمل چشتیہ
ruhanidarsgah
ruhanidarsgah
ruhanidarsgah
خط و کتابت کا پتہ: پوسٹ بکس 9119، لاہور - پوسٹ کوڈ 54570
فون (دفتر): 042-35410586 موبائل (دفتر): 0333-7772775 (صبح 10 سے شام 5 بجے، علاوہ جمعہ)
darulamal.org/ruhanidarsgah
ruhanidarsgah@gmail.com
ruhanidarsgah
+ruhanidarsgah97
ruhanidarsgah97
ruhanidarsgah
ruhanidarsgah97

اسلامی تصوف، روحانی، عملیاتی، طبی، نفسیاتی، معاشرتی مضامین کا حامل مقبول ترین میگزین

برصغیر پاک و ہند میں شائع ہونے والا واحد رسالہ جو ہر سال "دو خاص نمبر" شائع کرتا ہے

ماہنامہ خزینۂ روحانیات لاہور

جلد 12 جمادی الثانی ۱۴۴۳ھ / جنوری 2022ء شمارہ 9

مدیر اعلیٰ: خالد مقبول عارف حفظہ اللہ

مدیر: مولانا حافظ علی آفاق

معاون مدیر: حکیم سلیم اللہ ظفر

darulamal.org/magazines/ruhani
khazinaeruhaniyaat@gmail.com
khazinaeruhaniyat khazinaruhanyat

برائے ماہنامہ خزینہ روحانیات، سرکولیشن، اشتہارات اور دیگر تمام معاملات
0322-4773786, 042-35410586

مجلس مشاورت

قیمت 70 روپے

سالانہ ممبرشپ عام ڈاک 940 روپے رجسٹرڈ ڈاک 1340 روپے

سالانہ ممبرشپ بذریعہ TCS: لاہور کے لیے 1440 روپے

لاہور کے قریبی اضلاع کیلئے: 1740 روپے / لاہور سے دور کے اضلاع کیلئے: 2340 روپے

نوٹ: ہر ماہ کی 27،28،29 تاریخ کو رسالہ Post کیا جاتا ہے۔

ممبرشپ بذریعہ Whatspp/Email: 700 روپے

نوٹ: ہر ماہ کی یکم تاریخ کو رسالہ Whatspp/Email کیا جائے گا

مشیر قانونی: چوہدری فیصل منظور (ایڈووکیٹ ہائی کورٹ)

ادارہ کا کسی مضمون نگار سے متفق ہونا ضروری نہیں

بروز جمعۃ المبارک ادارہ بند رہے گا

رقم کی ادائیگی کے طریقے

ضروری ہدایات:

1. رقم بھیجنے کے بعد منی آرڈر رسید/موبائل اکاؤنٹس کی ٹرانزیکشن ID یا سکرین شارٹ / بینک ڈپازٹ سلپ 0302-8401977 پر واٹس ایپ کیجیے یا مکمل تفصیل ایس ایم ایس کیجیے یا کال کر کے لازمی مطلع فرمائیں۔ رقم جمع کروانے سے پہلے بل کی مکمل تفصیل کیلئے پہلے متعلقہ شعبے کے فون نمبر پر رابطہ کیجیے۔ جو بل بتایا جائے اتنی ہی رقم جمع کروائی جائے۔
2. موبائل اکاؤنٹس سے رقم نکلوانے پر اضافی چارجز پہنچنے والے وصول کرتے ہیں۔ اس لئے موبائل اکاؤنٹس میں رقم جمع کروانے کی صورت میں اضافی چارجز بل میں لگائے جائیں گے۔

1 منی آرڈر: بنام دارالعمل چشتیہ، 586 کامران بلاک علامہ اقبال ٹاؤن لاہور کے پتے پر منی آرڈر کریں۔ فارم پر اپنا نام مکمل پتہ موبائل نمبر اور مطلوبہ رقم کی تفصیل لازمی تحریر کریں۔

2 موبائل اکاؤنٹس: درج ذیل موبائل اکاؤنٹس میں رقم جمع کروا سکتے ہیں۔

easypaisa بنام خالد مقبول۔ 03437772772

JazzCash 1 بنام مکتبۃ العارف۔ 03028401977

2 #0*786* ملائیں اور Till Id_ 0016 5958 درج کریں۔

Omni بنام خالد مقبول۔ 03437772772

Upaisa بنام خالد مقبول۔ 33343082867

3 بینک اکاؤنٹس: درج ذیل دونوں اکاؤنٹس میزان بینک کے ہیں۔

1 برائے ماہنامہ خزینۂ روحانیات:

بنام Khazina-e-Ruhaniyaat برانچ کوڈ (0288) اکاؤنٹ نمبر 0102830736

2 برائے دیگر تمام شعبہ جات:

بنام Darul-Amal برانچ کوڈ (0212) اکاؤنٹ نمبر 0102913466

مزید تفصیلات کے لیے لنک وزٹ کیجیے: darulamal.org/payment

دارالعمل چشتیہ لاہور پاکستان

darulamal.org
info@darulamal.org
darulamalchisht darulamalchishtia

موبائل: 0322-7772772 0343-7772772

موبائل: 0312-7772772, 0306-7772772 (ufone)

پتہ 586 کامران بلاک، علامہ اقبال ٹاؤن، لاہور۔ فون 042-35410586

خالد مقبول پبلشر نے مساوات محمدی پرنٹرز (لاہور) سے چھپوا کر دارالعمل چشتیہ 586 کامران بلاک، علامہ اقبال ٹاؤن، لاہور سے شائع کیا

اہم اعلان و خوشخبری

تمام قارئین و ایجنسیز کو مطلع کیا جا رہا ہے کہ کاغذ کی قیمتوں اور پرنٹنگ کے اخراجات میں اضافے کے سبب جنوری **2022** سے ماہنامہ خزینہ روحانیات کی قیمت **60** روپے سے بڑھا کر **70** روپے کی جا رہی ہے اور خاص نمبر کی قیمت **100** روپے سے بڑھا کر **120** روپے کی جا رہی ہے۔

خوشخبری جو ممبران و قارئین جنوری **2022** میں ممبر شپ لیں گے یا تجدید کروائیں گے، ان کی ممبر شپ پرانے ریٹ پر کی جائے گی۔ البتہ یکم فروری **2022** سے نئے ریٹ پر ممبر شپ کی جائے گی۔ ممبر شپ کے نئے نرخ کیلئے صفحہ نمبر **2** ملاحظہ فرمائیں۔

پروردگارِ عالم، پروردگارِ عالم

حیراں ہوں قدرتوں پر، تیری ہی قدرتوں پہ
ہے انحصار عالم، پروردگار عالم
یہ بستیاں یہ صحرا، یہ کوہ یہ سمندر،
رنگوں کا یہ تبسم، ہریالیوں کے اندر
فطرت کے ہیں نمونے، کیا کیا بنائے تو نے
نقش و نگار عالم، پروردگار عالم

لا تقنطوا کا ہم کو دے کر اصول تو نے
پھینکے ہیں جھولیوں میں رحمت کے پھول تو نے
چھینا ہے مشکلوں کو، سوکھے ہوئے دلوں کو
بخشی بہار عالم، پروردگار عالم
تیرے ہی لفظ کن سے گونجا پیام ہستی
قائم ترے ہی دم سے سارا نظام ہستی
تو رخ ہوا کا پھیرے، پابندِ حکم تیرے
لیل و نہار عالم، پروردگار عالم
تجھ پہ ہی ہم فدا ہوں، تیرے نبی ﷺ کو چاہیں
قرآں ہماری منزل، سنت ہماری راہیں
ایمان دے گواہی، ہم آخرت کے راہی
دیکھیں غبار عالم، پروردگار عالم

(مظفر وارثی)

نعت رسول ﷺ

متاعِ نعت میں حرفِ سپاس رکھتے ہیں
اسی پہ طرزِ عمل کی اساس رکھتے ہیں
مشامِ جاں ہے معطر اسی گلِ تر سے
شبوں میں اسمِ پیمبر کی باس رکھتے ہیں

وہ جامِ کوثر و تسنیم بھی چکھیں گے ضرور
جو ان کے جامِ زیارت کی پیاس رکھتے ہیں
ہمیشہ چومیں گے روضے کی جالیوں کو ہم
دعائے نیم شبی میں یہ آس رکھتے ہیں
وہ لوگ مر کے بھی رکھتے ہیں نسبتِ بطحا
لحد میں خاکِ مدینہ جو پاس رکھتے ہیں
سکون شاہدہ ان کو نصیب ہوتا ہے جو
یادِ طیبہ میں خود کو اداس رکھتے ہیں

(شاہدہ لطیف)

اداریہ

مدیر ماہنامہ خزینۂ روحانیات

مولانا علی آفاق

محترم قارئین ! السلام علیکم۔ سال نو مبارک ہو۔ ادارہ اور ادارے کی ساری ٹیم اپنی پوری ہمت اور دیانت سے روحانی علوم کے شائقین سمیت روحانی علوم کے طلباء عظام کے لئے روحانی اعمال کی پوری دنیا میں ایسی تعلیم وتربیت کا اہتمام کررہی ہے کہ جو آج تک لاثانی اور بے نظیر ہے۔ الحمد للہ پوری دنیا میں باقاعدہ منظم، مربوط اور بامقصد روحانی اعمال کی تعلیم وتربیت کا ایسا انتظام ہے کہ آپ سائل ہیں یعنی مریض ہیں یا معالج دونوں صورتوں میں اللہ تعالیٰ نے آپ کے من کی مراد اور مطلوب ادارہ دارالعمل چشتیہ ہی میں رکھا ہے۔ مریضوں کو شفاء کے لئے بھی روحانی علاج و آئندہ حفاظت، حصار کے لئے اعمال کی وسیع وعریض فہرست موجود ہے۔ دشمن داری ہے تو اس سے حفاظت کا پورا بندوبست سکھایا جارہا ہے۔ جادوگر آپ کے ماضی، حال و مستقبل خراب وبرباد کرنے کے سہانے سپنے دیکھ رہا ہے تو بھی اس کے دانت کھٹے کرنے آپ کو سکھائے جارہے ہیں۔ اس کو ناامید ومایوس ونامراد کرنا اب آپ کے بس میں ہے۔ اگر آپ اپنے دشمنوں کو سزا سے دوچار کرنا چاہتے ہیں تو بھی ادارہ آپ کو واپسی سحر کے اعمال سکھا رہا ہے۔ آپ کے کاروبار، ازدواجی زندگی، گھریلو زندگی، جوائنٹ فیملی، ملازمت میں درپیش مسائل افسران بالا سے ہوں یا پھر ساتھی ملازموں سے، ہر دو صورتوں میں آپ کو کیسے معاملات کو ہینڈل کرنا ہے اور سرخرو ہوتے ہوئے حاسدوں اور شرپسندوں کی آس کو یاس میں بدلنا سکھایا جارہا ہے۔

آپ کے گھر میں جنات کا ڈیرہ بسرا ہے۔ جس کی وجہ سے صحت، روزگار، ملازمت، کاروبار، بیرون ملک جاکر بھی ناکامی اور مفلسی آپ کا مقدر بن رہی ہے تو بھی ہمارا ادارہ آپ کا ساتھی اور ہمقدم ہے۔ اور آپ کو پیروں پر کھڑا کر کے آئندہ کے لئے محتاجی اور بیساکھیوں سے نجات دلا کر مضبوط روحانی حصار وحفاظت ودفاع وتحفظ کے احساس کے ساتھ زندگی گزارنا سکھا رہا ہے۔

آپ کو لوگوں کے پاس جا کر یا فون پر استخارہ کے نام پر مسائل کی تشخیص کرنا بھی آئندہ غیر ضروری معلوم ہوگا۔ آپ کو اپنے اور اپنی فیملی کے روحانی مسائل کے حل سے پہلے یقینی طور پر اپنے روحانی حالت کی درست تشخیص سکھائی جارہی ہے۔

کوئی بیماری یا کسی طویل بیماری یا کسی بھی روحانی پیچیدگی کی شکل میں آپ کو بھرپور اور درست اندازہ ہوسکے گا کہ آپ کو طبی امداد کی ضرورت ہے یا پھر آگے بڑھ کر روحانی اعمال کے ذریعے اپنے دشمن کو سبق سکھانے کا وقت ہے۔ لہٰذا اگر آپ سالہا سال سے دکھ کی روٹی غموں کے سالن سے کھا رہے ہیں اور اپنی زندگی کے خوش رنگ حالات وواقعات سے لطف اندوز ہونے سے محروم ہیں تو ادارہ آپ کا دست وبازو بن رہا ہے اور پچھلے پچیس (25) سال سے ناکامیوں اور مایوسیوں کے خاتمے کے لئے ہراول دستہ کے طور پر جادو اور جادوگروں کو شکست دینے کے لئے پرعزم ہے، لہٰذا آپ بھی ہمارے اس قافلے میں شامل ہو کر کامیابیاں سمیٹیں۔

باقی رہے معالجین اور روحانی معالجین وہ بھی پوری دنیا میں روحانی مریضوں کے علاج معالجے اور اس سارے سلسلے میں کامیابی کے جھنڈے گاڑنے میں کامیاب ہورہے ہیں اور ادارے کی ناموری کے لئے اہم سنگ میل ثابت ہورہے ہیں۔ کیونکہ ہمارا ادارہ دارالعمل چشتیہ عرصہ پچیس (25) سال سے روحانی معالجین کو یہ بات سکھا رہا ہے کہ مریض کی اس طرح راہنمائی اور علاج کی تجویز کی جائے کہ آئندہ وہ محفوظ رہے۔ مضبوط رہے۔ پیروں پر کھڑا ہوسکے اور اسے آئندہ گھر، کاروبار، دشمن، بہن، بیٹی کے سسرال کے مسائل، بے اولادی اور شادی میں رکاوٹوں کے مسائل حل کرنے سکھا دیئے جائیں تاکہ آئندہ وہ مریضوں کو آپ کے پاس بھیجنے کا ذریعہ بنیں۔ اور اس کے ذہنی اطمینان کے ساتھ آپ کی ناموری اور اچھی شہرت کا باعث بن سکیں۔ روحانی معالجین کی اس حوالے سے راہنمائی کے لئے فون پر بہترین تربیت کا بھرپور بندوبست ہے۔ لہٰذا روحانی مریضوں کو شفاء سے ہمکنار کرنے کے لئے رابطہ کریں اور مریض خود اپنے پیروں پر کھڑے ہونے کے لئے بھی رابطہ کریں۔

درسِ قرآن

حضرت مولانا حکیم سلیم اللہ ظفر مدظلہ
(ناظم روحانی درس گاہ، نائب ناظم روحانی علاج گاہ، معاون مدیر خزینہ روحانیات)

نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم۔ اما بعد فاعوذ باللہ من الشیطن الرجیم۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ وَيَوْمَ يَحْشُرُهُمْ جَمِيعًا ۚ يَا مَعْشَرَ الْجِنِّ قَدِ اسْتَكْثَرْتُم مِّنَ الْإِنسِ ۖ
(الانعام:۱۲۸)

صدق اللہ العظیم

محترم قارئین خزینہ روحانیات! السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

آج کے درس قرآن میں آپ پارہ نمبر **8** سورۃ الانعام کی آیت نمبر **128** کے ترجمہ اور تفسیر کا مطالعہ فرمائیں گے۔ اس آیت مبارکہ کا ترجمہ یہ ہے کہ جس دن جمع کرے گا اللہ پاک سب کو اور فرمائے گا: اے جماعت جنات! بلاشبہ تم نے بہت فائدے حاصل کیے ہیں انسانوں سے تو بول پڑیں گے انسانوں میں سے جنات کے دوست کہ ہمارے رب فائدہ حاصل کیا ہم دونوں نے ایک دوسرے سے اور ہم آپہنچے اس وقت پر جو کہ مقرر کیا ہوا تھا آپ نے ہمارے لیے۔ اللہ پاک فرمائے گا کہ اچھا اب تمہارا ٹھکانہ آگ ہے۔ اب ہمیشہ اسی میں رہو گے۔ مگر وہ کہ جنہیں اس آگ سے بچانا چاہے۔ اللہ بے شک تمہارا رب بڑی حکمت والا اور سب کچھ جاننے والا ہے۔ ان آیات مبارکہ کی تفسیر یہ ہے کہ حشر کے میدان میں جب سب انسان وجنات جمع کیے جائیں گے اور حساب وکتاب ہوگا، اس وقت اللہ پاک جنات کو مخاطب کر کے فرمائیں گے کہ اے جنات! تم نے بہت سے انسانوں کو گمراہ کیا۔ اس کے جواب میں جنات کیا کہیں گے قرآن کریم نے اس کا ذکر نہیں کیا۔ البتہ ظاہر یہی ہوتا ہے کہ وہ اقرار ہی کریں گے کیونکہ اقرار کے علاوہ کوئی چارہ ہی نہیں ہوگا۔ اللہ علیم وخبیر سے کس کو کونسی بات مخفی رہ سکتی ہے مگر شاید ان کا اقرار ذکر نہ کرنے میں یہ اشارہ ہے کہ اس اچانک سوال پر وہ ایسے حیران وپریشان اور ششدر رہ جائیں گے کہ اس کا جواب دینے کیلئے ان کی زبان بول ہی نہ سکے گی۔ جیسا کہ بعض اوقات بعض معاملات میں دنیا میں یہ بات دیکھنے کو ملتی ہے کہ اگر کسی سے کوئی جرم ہو جائے اور اس کا یہ مخفی جرم پکڑا جائے اور پھر اس سے یہ بھرے مجمعے میں سوال کیا جائے کہ ہاں جناب آپ نے یہ کیا ہے یا نہیں کیا تو وہ اچانک اس سوال پر حیران وپریشان ہو جائے گا۔ اور اس کی زبان گنگ ہو جائے گی، ہاں کرتا ہوں تب بھی پھنستا ہوں اور اگر نہ کروں تو تب بھی پھنستا ہوں۔

ایسی ہی کچھ کیفیت اللہ پاک کے سوال سے جنات کی بھی ہو جائے گی۔ یاد رکھیں اس سے مراد نہ ہی سب جنات ہیں اور نہ ہی سب انسان ہیں۔ اس لیے کہ بالکل انسانوں کی طرح جنات میں بھی ہر طرح کے جنات ہیں۔ نیک جنات بھی ہیں، متقی جنات بھی ہیں، بزرگ اور ولی جنات بھی ہیں۔ صحابی اور تابعی جنات بھی ہیں، غوث، قطب، ابدال، اوتاد جنات بھی ہیں۔ حافظ، قاری، عالم، مفتی، شیخ الحدیث، شیخ التفسیر جنات بھی ہیں۔ لیکن اس کے ساتھ ساتھ غیر مسلم جنات بھی ہیں۔ عیسائی اور یہودی جنات بھی ہیں۔ ہندو اور سکھ جنات بھی ہیں۔ بدمعاش اور غنڈے جنات بھی ہیں۔ سردار اور قبیلوں کے سربراہ جنات بھی ہیں۔ شریر اور خبیث جنات بھی ہیں۔ نیک اور بد جنات بھی ہیں۔ مختلف مذاہب اور مختلف مسالک جنات میں بھی پائے جاتے ہیں۔ بالکل انسانوں کی طرح جنات میں بھی ہر قسم پائی جاتی ہے۔ تو اللہ پاک کے اس سوال کا جواب جنات کی طرف سے دیے جانے کا ذکر تو یہاں پر نہیں ہے البتہ انسانوں میں سے شریر جنات کے دوست بول اٹھیں گے: جی ہاں ہم دونوں نے یعنی جنات نے انسانوں سے اور انسانوں نے جنات سے فوائد اٹھائیں ہیں۔ ایک دوسرے کی بات مانی ہے۔ ایک دوسرے سے استفادہ کرتے رہے ہیں۔ ایک دوسرے سے مل کر غلط کام کرتے رہے ہیں۔ مفسرین کرام نے لکھا ہے اس سے مراد وہ تمام غلط اور ناجائز کام ہیں۔ وہ تمام حرام کام ہیں۔ ایسے تمام کام جو انسانوں نے جنات سے اور جنات نے انسانوں سے لیے جو کہ شریعت کے مخالف تھے۔ اپنے نفس کی من مانی، اپنے نفس کی خوشی، اپنے نفس کی لذت، روپے پیسے کی خاطر دوسروں (بقیہ ص 53)

فضائل قرآن معظم (قسط: 4)

قیصر احمد مدنی اے (کراچی)

حق تعالیٰ لامحالہ اس کی حاجت پوری فرمائیں گے اس عمل کا تجربہ کیا گیا ہے اور اس کو نافع پایا۔

علامہ احمد الدیربیؒ اپنی کتاب فتح المجید میں لکھتے ہیں کہ بعض صالحین کا تجربہ ہے کہ جو کوئی اپنے جسم کے کسی حصے میں درد محسوس کرے تو اس کو چاہیے کہ درد والے مقام پر اپنا ہاتھ رکھ کر سات مرتبہ سورۂ فاتحہ پڑھے اور سات مرتبہ مندرجہ ذیل دعا پڑھے اور درد کی جگہ دم کرے تو وہ درد سے نجات پائے گا۔

دعا اَللّٰھُمَّ اَذْھِبْ عَنِّیْ سُوْءَ مَا اَجِدُ وَ فُحْشَہٗ بِدَعْوَةِ نَبِیِّكَ الْمُبَارَكِ الْاَمِیْنِ الْمَسْکِیْنِ عِنْدَكَ

جن، فرشتوں اور قلوب انسانی کی تسخیر کیلئے اور ہر شر کے دفع کرنے اور ہر خیر کے حاصل کرنے کیلئے سورۂ فاتحہ کا اس ترتیب سے پڑھنا نہایت مفید ہے۔

صبح کی نماز کے بعد یا رات میں بعد عشاء بسم اللہ سے شروع کریں۔

❶ یکشنبہ یعنی اتوار کے روز چھ سو سولہ (۶۱۶) مرتبہ

الحمد للہ رب العالمین

❷ دوشنبہ یعنی پیر کے روز چھ سو انیس (۶۱۹) مرتبہ

الرحمن الرحیم

❸ سہ شنبہ یعنی منگل کے روز دو سو بیالیس (۲۴۲) مرتبہ

ملک یوم الدین

❹ چہارشنبہ یعنی بدھ کے روز آٹھ سو چھپن (۸۵۶) مرتبہ

ایاك نعبد و ایاك نستعین

❺ پنجشنبہ یعنی جمعرات کے روز ایک ہزار تہتر (۱۰۷۳) مرتبہ

اھدنا الصراط المستقیم

❻ جمعہ کے روز آٹھ سو سینتیس (۸۳۷) مرتبہ

صراط الذین انعمت علیھم

❼ شنبہ یعنی ہفتہ کے روز چار ہزار دو سو تینتیس (۴۲۳۳)

غیر المغضوب علیھم والا الضآلین

شرط یہ ہے کہ کسی کے خلاف نہ پڑھا جائے ورنہ پڑھنے والے ہی کو نقصان کا اندیشہ ہے، مریض اپنے مرض کے دفع کرنے کی نیت سے سورۂ فاتحہ کو اس ترتیب سے پڑھ کر اپنے مرض سے یقیناً نجات حاصل کر سکتا ہے۔ سورۂ فاتحہ قرآن عظیم کی سب سے بڑی فضیلت والی سورۃ ہے۔ یہ سورت قرآن مجید کی روح ہے۔ اللہ رب العالمین قرآن مجید میں فرماتا ہے۔ اے نبی ﷺ! ہم نے تم کو سبع المثانی اور قرآن مجید دیا، سبع مثانی سے مراد سورۂ فاتحہ ہے کیونکہ یہ سات آیتوں کا مجموعہ ہے اور قرآن مجید کی سب سے پہلی سورت ہے، اس وجہ سے اس کو "فاتحۃ الکتاب" بھی کہا جاتا ہے۔

قرآن مجید کی تمام سورتوں میں دین حق کے جو مقاصد بہ تفصیل بیان کئے گئے ہیں، سورۂ فاتحہ میں ان ہی کا بشکل اجمال بیان موجود ہے۔ اگر کوئی شخص قرآن مجید میں سے اور کچھ نہ پڑھ سکے، صرف اس سورت کا مطلب ذہن نشین کر لے جب بھی وہ دین حق اور خدا پرستی کے بنیادی مقاصد حاصل کر لے گا۔ اور یہی تمام قرآن مجید کی تفصیلات کا ماحصل ہے۔

صحابہ کرام رضی اللہ عنہ اسے "سورۃ الصلوٰۃ" کے نام سے پکارتے تھے یعنی وہ سورۃ جس کے بغیر نماز نہیں پڑھی جا سکتی۔ حضور اقدس سرور دو عالم ﷺ کا ارشاد گرامی ہے کہ مجھے سورۂ فاتحہ عرش الٰہی کے نیچے سے عطا ہوئی ہے۔

سورۂ فاتحہ تمام قرآن مجید کے مضامین کا خلاصہ ہے اور قرآن کریم میں چھ مضامین بیان کئے گئے ہیں۔

❶ توحید ❷ رسالت ❸ معاد مرنے کے بعد اٹھایا جانا ❹ احکام۔ ❺ ماننے والوں کے حالات و واقعات ❻ نہ ماننے والوں کے حالات و واقعات۔ اس سورت کی پہلی دو آیتوں میں توحید ہے، تیسری آیت میں قیامت کا تذکرہ ہے۔ چوتھی آیت میں عبادت و استقامت کا ذکر ہے۔ احکام کا تذکرہ ہے۔ پانچویں آیت میں ماننے والوں کا ذکر ہے۔ چھٹی میں انعام

پانے والوں کا ذکر ہے اور ساتویں آیت میں نہ ماننے والوں کا ذکر ہے۔

علامہ ابن قیمؒ فرماتے ہیں کہ ہر بیماری کی ایک دواء ہے۔ اگر تم سورۂ فاتحہ سے حُسن و عقیدت کے ساتھ علاج کرو گے تو اس میں عجیب شفاء و کرامت دیکھو گے۔

امراض روحانی اور جسمانی میں کوئی بھی مرض ایسا نہیں ہے جس پر سورۂ فاتحہ کا اثر نہ ہو۔ تفسیر فتح العزیزی میں ہے کہ سورۂ فاتحہ ''اسم اعظم'' ہے۔ فجر کی سنتوں اور فرض کے درمیان اکتالیس (۴۱) بار چالیس روز تک پڑھو، ہر غرض و مراد پوری ہوگی۔

اتوار کے دن شروع ماہ میں فجر کی سنتوں اور فرض کے بعد ستر ستر (۷۰۔۷۰) مرتبہ پڑھو پھر روزانہ اسی وقت پر پڑھتے ہوئے دس دس کم کرتے جاؤ۔ اس طرح یہ عمل ہفتہ کے دن ختم ہو جائے گا۔ اگر پہلے مہینے میں غرض حاصل ہوگئی تو فبہا ورنہ دوسرے مہینے اور تیسرے مہینے میں بھی یہ عمل جاری رکھو۔ ان شاء اللہ تعالیٰ تیسرے ماہ ضرور بہ ضرور مراد برآئے گی۔

جو شخص فجر کی سنتوں اور فرض کے درمیان روزانہ بسم اللہ پڑھ کر سورۂ فاتحہ اکتالیس (۴۱) بار پڑھنے کا ہمیشہ کیلئے معمول بنائے گا تو اللہ تعالیٰ اس کو غیب سے روزی دے گا۔ (آزمودہ است و مجرب المجرب است)

علامہ ابن عربی فرماتے ہیں کہ جو شخص مغرب کے فرض و سنت کے بعد اسی جگہ بیٹھے بیٹھے چالیس (۴۰) بار بسم اللہ کے ساتھ سورۂ فاتحہ روزانہ پڑھے تو اللہ تعالیٰ سے جو حاجت مانگے گا وہ پائے گا۔

حضرت رسول اللہ ﷺ نے اس سورۃ کو رقیہ یعنی منتر بھی فرمایا (بخاری شریف) سورۂ فاتحہ ہر بیماری کیلئے شفاء ہے۔ (مسند احمد) جب تم نے سورۂ فاتحہ اور قل ہو اللہ احد یعنی سورۂ اخلاص پڑھ لیا تو اب سوائے موت کے تمام آفتوں و بلاؤں سے محفوظ ہو گئے۔

ایک صحابی رضی اللہ عنہ نے سانپ کے کاٹے ہوئے پر دم کیا۔ خدا کے حکم سے وہ اچھا ہو گیا۔ تمام قسم کے درد یعنی درد دندان، درد سر، درد شکم اور دوسرے تمام دردوں کیلئے سات بار سورۂ فاتحہ پڑھ کر دم کریں۔ وبائی بیماریوں کیلئے بسم اللہ اور سورۂ فاتحہ دو دو بار پڑھ کر دم کرنے سے اللہ تعالیٰ کے حکم سے بہت جلد شفاء ہوگی۔

طاعون کی گلٹی پر سورۂ فاتحہ اکتالیس بار پڑھ کر دم کریں۔ ان شاء اللہ جلد شفاء ہوگی۔ اگر قیدی اس سورۃ کو ایک سو گیارہ (۱۱۱) بار پڑھے اور ہر دس مرتبہ پڑھنے کے بعد بیڑیوں پر دم کرے تو ان شاء اللہ بیڑیاں کھل جائیں گی اور وہ رہا ہو جائے گا۔

اگر کسی آدمی کو پیاس کا اندیشہ ہو تو اسے چاہیے کہ سورۂ فاتحہ پڑھ کر منہ اور پیٹ پر ہاتھ پھیرے، اس دن بفضل خداوند پیاس کی شدت محسوس نہ ہوگی۔

صاحب کشاف نے تفسیر و اسناد سورۂ فاتحہ میں لکھا ہے کہ فرمایا رسول مقبول ﷺ نے کہ جس قوم پر اللہ تعالیٰ عذاب بھیجے یعنی جو قوم مستحق عذاب ہو چکی ہو۔ اگر ان میں سے کوئی لڑکا سورۃ الحمد قرآن شریف دیکھ کر پڑھنا شروع کر دے تو اللہ تعالیٰ اس کے پڑھنے کو سنتا ہے اور اس قوم پر سے چالیس برس تک کیلئے اپنا عذاب اٹھا لیتا ہے۔ دیگر ملفوظ خواجہ بزرگ رحمۃ اللہ میں لکھا ہے ''الحمد'' میں سات حروف نہیں ہیں۔ اول ث جس سے مراد ثبور یعنی ہلاکت دوم ج: جہنم، سوم ز: زقوم، چہارم ش: شقاوت پنجم ظ: ظلمت یعنی تاریکی، ششم ف: فراق، ہفتم خ: خواری۔ پس اس سورت کے پڑھنے والے کو ان ساتوں باتوں سے جو اوپر بیان ہوئی ہیں کوئی واسطہ نہ ہوگا۔

نیز حضرت خواجہ معین الدین چشتیؒ کے ملفوظ میں ہے کہ اس سورت کی سات آیتیں ہیں اور جسم انسانی میں بھی سات عضو کلاں ہیں۔ پس اس کے پڑھنے والے کے وہ ساتوں عضو ساتوں دوزخ سے محفوظ رہیں گے اور فرمایا کہ ''الحمد'' کے پانچ حروف ہیں اور رات دن میں فرض نماز بھی پانچ وقت کی ہے پس جو بندہ ان پانچ حروف ''الحمد'' کو پڑھتا ہے۔ اس کی پانچ وقت کی نماز میں جو قصور واقع ہوگا اسے خدائے تعالیٰ معاف فرمائے گا۔ اسی طرح ''للہ'' کے حروف تین ہیں اور یہ ''الحمد'' کے پانچ حروف میں مل کر آٹھ ہوئے، اس کے پڑھنے والے کیلئے آٹھوں بہشت کے دروازے کھول دیئے جائیں گے۔ اور ''رب العلمین'' دس حرفوں میں یہ آٹھ حروف ملانے سے اٹھارہ ہزار عالم کا ثواب ملے گا۔ ''الرحمن'' کے چھ حرفوں کو اٹھارہ میں ملانے سے چوبیس (۲۴) حروف ہوتے ہیں اور

خدائے تعالیٰ نے رات دن میں چوبیس گھڑیاں (ساعتیں) بنائیں ہیں۔اس کا پڑھنے والا اس دن میں اپنے گناہوں سے ایسا پاک ہوجائے گا جیسے ماں کے پیٹ میں سے پیدا ہوا ہو۔اسی طرح "الرَّحِیۡمِ" کے چھ حروفوں کو چوبیس (۲۴) میں ملانے سے تیس (۳۰) ہوتے ہیں۔حق تعالیٰ نے پل صراط کی مسافت تیس ہزار برس کی رکھی ہے۔پس ان حرفوں کو پڑھنے والا پل صراط سے بجلی کی طرح بآسانی گزر جائے گا۔اسی طرح "مٰلِكِ يَوۡمِ الدِّيۡنِ" کے بارہ (۱۲) حرفوں کو تیس (۳۰) میں ملانے سے بیالیس (۴۲) ہوئے اور سال کے مہینے بھی بارہ ہیں پس جو بندہ ان بارہ حرفوں کو پڑھے گا سال بھر اس کے گناہ معاف کردیئے جائیں گے۔اگر "اِيَّاكَ نَعۡبُدُ" کے آٹھ (۸) حرف بیالیس (۴۲) میں ملائیں تو پچاس (۵۰) ہوں گے اور قیامت کا دن پچاس ہزار برس کا ہوگا۔ پس ان پچاس حرفوں کا پڑھنے والا اس دن کے عذاب سے محفوظ رہے گا اور صدیقوں کا سا معاملہ اس کے ساتھ ہوگا۔ "وَاِيَّاكَ نَسۡتَعِيۡنُ" میں گیارہ (۱۱) حروف ہیں جو پچاس (۵۰) میں ملانے سے اکسٹھ (۶۱) ہوتے ہیں اور حق سبحانہ نے دنیا اور آسمان میں اکسٹھ (۶۱) دریا پیدا کئے ہیں پس ان حرفوں کے پڑھنے والے کے نامہ اعمال میں موافق قطرات ان دریاؤں کی نیکیاں لکھی جائیں گی اور اسی قدر بدیاں محو کی جائیں گی۔

"اِهۡدِنَا الصِّرَاطَ الۡمُسۡتَقِيۡمَ" کے انیس حرفوں کو اکسٹھ میں ملائیں تو اسی (۸۰) ہوں گے اور دنیا میں شراب خوار پر اسی (۸۰) درے لگانے کا حکم ہے پس جو کوئی ان حروف کو پڑھے گا حق تعالیٰ یہ اسی (۸۰) دروں کی حد اس سے ساقط فرمائے گا۔یعنی شراب خوری سے اسے بچاوے گا۔ "صِرَاطَ الَّذِيۡنَ اَنۡعَمۡتَ عَلَيۡهِمۡ ۙ غَيۡرِ الۡمَغۡضُوۡبِ عَلَيۡهِمۡ وَلَا الضَّآلِّيۡنَ" میں چوالیس (۴۴) حروف ہیں اور اسی (۸۰) ملانے سے ایک سو چوبیس (۱۲۴) ہوتے ہیں اور پیغمبر بھی حق تعالیٰ نے ایک سو چوبیس ہزار (ایک لاکھ چوبیس ہزار) پیدا کئے ہیں۔جو بندہ ان حروف کو پڑھے گا ایک سو چوبیس ہزار پیغمبروں کا ثواب اسے عنایت فرمائے گا اور فرمایا سورۂ فاتحہ کا صدق دل سے پڑھنا حصول مقاصد کیلئے فائدہ مند ہے۔

(تکملہ جواہر خمسہ المعروف بہ فوائد حینیہ)

عزیز احمد مشتاق قاسمی

ظالم، دشمن، حاسدین کی شرارت اور اسمائے حسنیٰ

دشمن پر فتح پانے کے لئے

الخافض (پست کرنے والا)

خاصیت: تین روزے رکھے اور چوتھے دن ایک مجلس میں ستر بار الخافض پڑھے تو دشمن پر فتح حاصل کرے۔

دشمن کو مغلوب اور پست کرنے کے لئے

القوی (قوت والا)

خاصیت: دشمن قوی ہو، اس کو دفع کرنے سے عاجز ہو تو تھوڑا آٹا گوندھے اور اس کی ایک ہزار گولیاں بنائے اور ایک ایک گولی اٹھا کر "یا قوی" کہے اور دشمن کے دفع ہونے کی نیت سے مرغ کے آگے ڈالے۔ اللہ تعالیٰ اس کے دشمن کو مغلوب اور پست کر دے۔

ظالم و حاسد کے شر کو دفع کرنے کے لئے

المذل (ذلیل کرنے والا)

خاصیت: اگر کوئی کسی ظالم و حاسد سے ڈرتا ہو تو پچھتر ۷۵ بار یا المذل پڑھے اور سجدہ میں جا کر کہے کہ یا اللہ فلاں ظالم کے شر سے امن دے تو اللہ تعالیٰ اس کے شر کو دفع کر دے گا۔

بادشاہ کا غصہ دفع ہونے اور حاسدوں، دشمنوں کی زبان بند ہونے کے لئے

الصبور (بردبار)

خاصیت: اگر اس نام کو ہمیشہ پڑھتا رہے تو حاسدوں اور دشمنوں کی زبان بند ہو اور بادشاہ کا غصہ دفع ہو جائے۔

جنگ جیتنے کے لئے

الکبیر (سب سے بڑا)

خاصیت: اگر حکام اور والیان ملک اس کو کثرت سے پڑھے تو سب لوگ ان سے ڈرے اور ان کی مہمیں بخوبی مکمل ہو۔

چور، دشمن، برے ہمسایہ سے خوف کے وقت

الحسیب (کفایت کرنے والا، حساب لینے والا)

خاصیت: جو کوئی چور، دشمن، برے ہمسایہ یا نظر بد لگنے سے ڈرے تو جمعرات سے شروع کرے اور آٹھ دن تک صبح شام دونوں وقت حسبی اللہ الحسیب پڑھا کرے۔ ان شاء اللہ ان چیزوں کے شر سے بچ جاوے۔

اپنے اہل و عیال کو دشمنوں اور آفتوں سے محفوظ رکھنے کیلئے

الرقیب (نگہبان)

خاصیت: جو کوئی سات بار اپنے بیوی، بچوں اور مال پر پڑھ کر ان کے اطراف دم کرے، سب دشمنوں اور آفتوں سے امن میں رہے۔

ظالم کے ہاتھوں گرفتار نہ ہونے کے لئے

الصمد (بے نیاز)

خاصیت: آدھی رات کے وقت یا آدھی رات کے بعد صبح سے پہلے سجدے میں سر رکھ کر ایک سو پندرہ بار اس نام کو پڑھے تو ظالم کے ہاتھوں گرفتار نہ ہو۔

القادر (قدرت والا)

خاصیت: اعضاء کے دھونے کے وقت ہر جوڑ پر القادر پڑھے تو کسی ظالم کے ہاتھوں گرفتار نہ ہو اور کوئی دشمن اس پر فتح نہ پاوے۔

جنگ میں سختی اور رنج نہ پہنچنے کے لئے

المقدم (آگے کرنے والا)

خاصیت: جنگ میں اس نام کو پڑھے یا اپنے پاس رکھے تو کوئی سختی اور رنج نہ پہنچے۔

محبت کے قرآنی اعمال

مرتب: اراکین روحانی علاج گاہ

برائے حب

آیت شریفہ کی پہلے اس طریقے سے زکوٰۃ ادا کرے کہ عروج ماہ میں بروز یکشنبہ کو شروع کرے۔ بعد نماز عشاء، ایک سو پچیس (۱۲۵) مرتبہ روز پڑھیں، اول و آخر درود شریف ۷-۷ بار پڑھیں، چالیس روز تک۔ چالیسویں روز ختم شریف چشتیہ پڑھے اور شیرینی تقسیم کرے۔ بعد زکوٰۃ کے میٹھی چیز پر دم کر کے مطلوب کو کھلائیں۔ مطلوب، طالب کی محبت میں بے قرار ہو جائے گا۔ اگر کھلانے کا موقعہ نہ ہو تو تین روز یا سات روز بعد نماز عشاء ایک سو پچیس (۱۲۵) مرتبہ پڑھ کر کسی شیرینی پر دم کریں اور تصور میں مطلوب پر بھی دم کریں اور دم کرنے کے بعد تصور کریں کہ مطلوب آرہا ہے اور آپ تک پہنچ گیا ہے۔ ان شاء اللہ مطلوب عاشق ہو کر حاضر ہوگا۔ جب مطلوب آجائے تو اس کو دم شدہ شیرینی کھلائیں۔ مجرب ہے۔

وہ آیت یہ ہے: يُحِبُّوْنَهُمْ كَحُبِّ اللّٰهِ ۭ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰهِ (البقرۃ:۱۶۵)

مطلوب کا دل طالب کے لیے نرم کرنا

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ عَسَى اللّٰهُ اَنْ يَّجْعَلَ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَ الَّذِيْنَ عَادَيْتُمْ مِّنْهُمْ مَّوَدَّةً ۭ وَاللّٰهُ قَدِيْرٌ ۭ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝ (الممتحنۃ:۷)

عشاء کے بعد دو رکعت میں سورۂ فاتحہ کے اس آیت کو سات سات بار پڑھے۔ دونوں رکعتیں ختم کرنے کے بعد اول آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھے اور ستر (۷۰) بار یوں دعا کرے کہ "اے اللہ پاک! فلانے کا دل فلانے کے واسطے نرم کر دے، جس طرح تو نے اپنی قدرت سے داؤد علیہ السلام کے واسطے لوہے کو نرم کیا تھا۔"

فریفتگی محبت

ڈاکٹر سید قمر رضا مشہدی تحریر فرماتے ہیں کہ یہ عمل نہایت سریع الاثر اور بارہا کا آزمودہ ہے۔ غضب کا تیر بہدف ثابت ہوا ہے۔ عمل کچھ یوں ہے کہ روزانہ 5 دن تک یہ آیت اس طریقہ سے پڑھیں۔ وَاَلْقَيْتُ عَلَيْكَ مَحَبَّةً مِّنِّيْ (طٰہٰ:۳۹) نام مطلوب بمعہ والدہ علی حب نام طالب معہ والدہ۔ اس طرح بائیس ہزار (22000) مرتبہ پڑھیں۔ مطلوب بے دام غلام بن جائے گا۔ اس میں چند نقطے پوشیدہ رکھے گئے تاکہ نااہل سے پوشیدہ رہے۔

زوجین کے درمیان محبت

اگر زوجین کے درمیان محبت نہیں تو سورۂ فاتحہ اکیس (۲۱) بار کسی شیرینی وغیرہ پر پڑھ کر چند ایام زوجین کو کھلا دے۔

دلی محبت کے لیے

سات سو چھیاسی (۷۸۶) مرتبہ "بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ" پانی پر دم کر کے جس کو پلائے۔ اس کو (پڑھنے والے سے) گہری محبت ہو جائے۔ ناجائز کاموں میں استعمال کرے گا تو وبال کا خطرہ ہے۔

پھول سونگھ کر محبوب محبت کرنے لگے

حضرت مولانا پیر اقبال قریشی مدظلہ تحریر فرماتے ہیں کہ خوشبو والے سات عدد پھول لے کر ایک ایک پھول پر سات سات بار یہ آیت پڑھ کر دم کرے اور اس کے بعد دونوں یعنی مطلوب اور طالب کے نام معہ والدہ لیں۔ پھر جس سے محبت کرنا چاہے، اس کو وہ پھول دے تاکہ وہ سونگھے، اسی وقت محبت کرنے لگے گا۔

وہ آیت یہ ہے: وَلَقَدْ فَتَنَّا سُلَيْمٰنَ وَاَلْقَيْنَا عَلٰي كُرْسِيِّهٖ جَسَدًا ثُمَّ اَنَابَ ۝ (صٓ:۳۴)

محبت کے لیے

درود شریف ایک سو (۱۰۰) مرتبہ، سورۂ اخلاص ایک سو (۱۰۰) مرتبہ اور پہلا کلمہ ایک سو (۱۰۰) مرتبہ پڑھیں اور تصور میں دم کریں۔

روحانی اعمال برائے

زیارتِ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

مرتب: مولانا علی آفاق (مدیر خزینۂ روحانیات)

سرورِ دوعالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے چہرۂ انور کی زیارت کا درود شریف

صَلَّى اللّٰهُ عَلٰى مُحَمَّدِنِ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ

ترجمہ: ”رحمت نازل فرمائیں اللہ تعالیٰ حضرت محمد ﷺ نبی اُمّی پر۔“

جو مسلمان مرد یا عورت شب جمعہ میں دو رکعت نماز پڑھے اور ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد پینتیس (۳۵) مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھے اور نماز کے بعد ایک ہزار بار مذکورہ بالا درود شریف پڑھ کر دعا کرے تو اگلا جمعہ آنے سے قبل خواب میں آنحضرت ﷺ کی زیارت سے مشرف ہوگا اور زیارت کی برکت سے اللہ تعالیٰ اس کے گناہوں کو بخش دیں گے۔

(ذریعۃ الوصول حوالہ نمبر ۵۴)

درودِ تاج کا عمل

درود تاج کو تین سو تیرہ (۳۱۳) مرتبہ اکیس (۲۱) دن تک بلاناغہ پڑھیں۔ ان شاء اللہ، زیارت سے فیض یاب ہوں گے۔

حضرت خضر علیہ السلام کی تعلیم کردہ خاص نماز

امام عمر بن حفص رحمۃ اللہ کو محمد بن عبد اللہ تمیمی رحمۃ اللہ نے اپنی وفات کے وقت یہ نماز سکھلائی اور فرمایا کہ میں نے نزدیک خانہ کعبہ کے خضر سے سیکھی تھی کہ بعد نمازِ مغرب، نمازِ عشاء تک نماز نفل پڑھا کرے۔ ہر رکعت میں تین تین بار سورۂ اخلاص پڑھے اور بعد فراغ نمازِ عشاء کے دو رکعت پڑھے۔ ہر رکعت میں سات بار سورۂ اخلاص اور بعد سلام کے سات بار کلمۂ تمجید پڑھیں۔ اس کے بعد ہاتھ اٹھا کر یہ دعا پڑھیں:

يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ وَرَحِيْمَهُمَا يَا اِلٰهَ الْاَوَّلِيْنَ وَالْاٰخِرِيْنَ يَارَبِّ يَارَبِّ يَارَبِّ يَا اَللّٰهُ يَا اَللّٰهُ يَا اَللّٰهُ

پھر پاک جگہ میں داہنے پہلو پر رو بقبلہ درود پڑھتے ہوئے سو رہے، بفضلِ خدا، زیارت نصیب ہووے۔

زیارت النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا مجرب المجرب عمل

عبد الرؤف بلوچ صاحب تحریر فرماتے ہیں کہ یہ عمل مجربات میں سے ہے کہ اگر ہر روز سونے سے پہلے ایک ہزار (۱۰۰۰) مرتبہ کوئی بھی درود پاک، ایک ہزار (۱۰۰۰) مرتبہ سورۂ کوثر اور ایک ہزار (۱۰۰۰) مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھ کر بنا کسی سے بات چیت کیے سو جائیں تو یقینی طور پر چند ہی راتوں میں جمالِ مصطفیٰ ﷺ سے مستفید و مستفیض ہو جائیں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ۔

زیارت رسول اکرم ﷺ کے لیے خاص دعا

جو شخص نبی کریم ﷺ کی زیارت سے مشرف ہونا چاہے تو اس کو چاہیے کہ سونے سے پہلے غسل کرے اور دو رکعت نماز پڑھے اور نماز کے بعد اس دعا کو پڑھ کر پاک بستر پر سو جائے۔

وہ دعا یہ ہے: بِسْمِ اللّٰهِ اَللّٰهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ كَمَا يَنْبَغِيْ لِكَرَمِ وَجْهِكَ وَعِزِّ جَلَالِكَ اَللّٰهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ عَلٰى دَوَامِ اِحْسَانِكَ وَحُسْنِ عِبَادَتِكَ اَللّٰهُمَّ اَسْئَلُكَ بِالْقُرْاٰنِ الْعَظِيْمِ بِنُوْرِ وَجْهِكَ الْكَرِيْمِ الَّذِيْ اَشْرَقَتْ بِهِ السَّمٰوٰتُ وَالْاَرْضُ وَاَسْئَلُكَ بِاسْمِكَ الَّذِيْ تَنَزَّلَ بِهِ الْمَطَرُ وَالرَّحْمَةُ عَلٰى مَنْ تَشَاءُ مِنْ عِبَادِكَ اَللّٰهُمَّ اِنَّ اَنْتَ اِلٰهُنَا وَاَنْتَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ اَسْئَلُكَ بِحَقِّ مَا دَعَوْتُكَ بِهِ اَنْ تَرَانِيْ فِيْ مَنَامِيْ هٰذَا سَيِّدِيْ مُحَمَّدٌ صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ تَسْلِيْمًا كَثِيْرًا عَدَدَ خَلْقِهٖ وَرِضٰى نَفْسِهٖ وَزِنَةَ عَرْشِهٖ وَمِدَادَ كَلِمٰتِهٖ

(نئی کتاب)
طلسمات بنگال مصر و ایران
مرتب: فیصل حمید نقشبندی
صفحات 78
قیمت 5000 روپے
محبت، عداوت، دشمن پر فتح، وسعت رزق، جادو کا توڑ، حاضری مطلوب، طلاق و فراق، بندش، نظر بد
عورتوں اور مردوں کی تسخیر، شادی نکاح، جگہ پلاٹ وغیرہ کا قبضہ، قوت مردی، مفرور کی واپسی، جنات سے کام لینا، زبان بندی، حاضرات اور مال و دولت کے حصول کے نادر و نایاب اعمال۔
حاجت روائی ☆ خیر کا ہر کام ☆ شر کا ہر کام ☆ دشمنی ☆ مقہوری اعداء ☆ حب و دب ☆ مہر سیمانی ☆ وسعت رزق ☆ فتح و نصرت ☆ حصول محبت ☆ ابراہیمی جادو کا توڑ
☆ حمل ضائع کرنا ☆ کالے جادو کا توڑ ☆ تسخیر محبت ☆ حاضری مطلوب ☆ جب وجبہ جلب سحر ☆ طلاق و فراق ☆ وشی کرن ☆ بندش لگانا مرض ختم کرنا ☆ جلب و سحر حب و دب
☆ نظر بد سحر جادو ☆ طلسم وشی ناریاں واستریاں ☆ عشق و محبت ☆ حب سفلی ☆ حاضرات غنچومیہ ☆ وقتی محبت ☆ بندش ہر قسم ☆ خاتمہ دشمن شادی ☆ بندش لگانا ☆ دشمن برباد کرنا
☆ تسخیر مطلوب ☆ جگہ پلاٹ قبضہ خالی کروانا ☆ طلسم محبت ☆ حاضری مطلوب سفلی ☆ حب زوج ☆ قوت مردی ☆ نفرت وعداوت سفلی ☆ ہر قسم کی بندش ☆ گریختہ ومفرور
☆ تسخیر ومحبت ☆ حب ہاروت وماروت ☆ تسخیر محبت وبندش ☆ ارسال ہاتف ☆ حب حب حب ☆ دب وحب ☆ حب بنگالی ☆ حب ودب ☆ دو جسم ایک جان ☆ جلب وکشش
تباہی دشمن ☆ طلسم اچانک ☆ فتح نامہ ☆ محبت وتسخیر ☆ نظر بد حسد ☆ تسخیر خلائق ☆ مال و دولت ☆ حب دب بندش ☆ جلب وعطف ☆ حب وودی ☆ خاتمہ جادو ☆ ناجائز محبت
☆ ہر حاجت کا مراد ☆ زبان بندی مجرب ☆ سفلی نقش ہر کام ☆ بسی کرن جنتر ☆ جدائی سفلی ☆ حب بنگالی ☆ آگ باندھنا ☆ بندش ہر قسم ☆ بسی کرن بنگالی ☆ تسخیر خاص دعا
☆ حب ودب بنگالی سفلی ☆ اپنی محبت میں دیوانہ کرنا ☆ عداوت ونفرت ☆ تباہی عداوت نفرت۔
مکتبۃ العارف دار العمل چشتیہ لاہور پاکستان
0323-4487877
042-35410586
+maktabatulaarif
0332-4487877
+maktabatulaarif
darulamal.org/bookshop, maktabatulaarif@gmail.com
(نئی کتاب)
طلسمات سکندری
صفحات: 149
تالیف: سید غوث ہاشمی سلطانی
قیمت: 3500 روپے
بسم اللہ کا نقش عظیم ☆ جنات کو حاضر کرنے کا عمل ☆ ہر مشکل در امتحان میں کامیابی ☆ فتح نامہ ☆ مال و دولت کا دفتر دکان میں لگانے کا نقش ☆ روحانی طاقت ☆ درد ناف ☆ آپریشن سے بچنا
☆ دست غیب ☆ راستے اور سفر میں حفاظت کا نقش ☆ مطلوب کے دل میں محبت ☆ لاعلاج مریض کا علاج
☆ حافظہ تیز ☆ گاہکوں کی ریل پیل ☆ نظر بد سے حفاظت ☆ جنات کو رستہ بھلانے کا عمل ☆ سفلی
شیطانی آسیب ختم ☆ محبوب کے دل میں محبت کی آگ لگانا ☆ گھر سے جادو ٹونہ ختم کرنا ☆ عمل حاضری ☆ لڑکی شرمیلی ہو ☆ شیطانی وسواس ونفسیات کا علاج ☆ میاں
بیوی میں صلح ہو ☆ طلاق رکوانا ☆ جادوگر کا عمل ختم کرنا ☆ بندش ختم کرنا ☆ عمل حب کمالی اثر والا ☆ دونوں طرف محبت کا طوفان ☆ محبوب کی نیند چین ختم ☆ مصر کا جادو ☆ حب کا روحی طلسم
☆ حب کا عظیم طلسماتی عمل ☆ خادم جن کے ذریعہ تسخیر ☆ بھوت چڑیل جادو ٹونہ ختم ☆ تسخیر محبوب ☆ طلسمات محبت وعشق ☆ پہلوان کشتی میں فاتح ☆ عورت کا مرد کو تسخیر کرنا ☆ پسند کی شادی
☆ نقش رحمت وبرکت ☆ حب کا بال اور کپڑے والا باموکل طلسم ☆ محبوب کو حاضر کرنا ☆ محبوب ایک پل بھی جدا نہ ہو ☆ کینسر کا علاج ☆ جھگڑا کرنا ☆ ولادت میں آسانی ☆ حب کے بے مثال
اور تیز عمل ☆ جدائی کرنا ☆ دشمن بیمار ☆ دشمن قتل ☆ ہلاکت دشمن کا اعلم ☆ بے وفا پر قہر نازل ☆ بھاگے ہوئے شخص کو واپس بلانا ☆ کسی سے اپنا حق پیسہ جگہ وغیرہ لینا ☆ دشمن کی ہلاکت پتلے کا عمل
☆ دشمنی کرانا ☆ دشمن برباد ☆ جن مسلط کرنا ☆ بربادی دشمن کا سخت کالا علم ☆ ہلاکت کا بنگالی علم ☆ دشمن کا گھر اجاڑنا ☆ جن چمٹانا ☆ دشمن پاگل ☆ قہر برسانا ☆ ہر مشکل میں کامیابی۔
مکتبۃ العارف دار العمل چشتیہ لاہور پاکستان
0323-4487877
042-35410586
+maktabatulaarif
0332-4487877
+maktabatulaarif
darulamal.org/bookshop, maktabatulaarif@gmail.com
ادارے کا اسلامی رسالہ "خزینہ علم وعمل" goo.gl/LPpGHe

روحانی تشخیص کے مجرب اعمال

مرتب: اراکین روحانی علاج گاہ

نقش مٹھی میں پکڑا کر آسیب کی تشخیص کرنا

تسلی کرلیں کہ مریض پاک ہو اور اس نے کوئی تعویذ نہ پہنا ہو۔ اس نقش کو مریض کے دائیں ہاتھ کی مٹھی میں بند کرائیں۔

- اگر آسیب ہوگا تو بدن میں لرزہ وغیرہ طاری ہوگا۔
- اگر بدنی مرض ہوگا تو بدستور حالت رہے گی۔

نقش درج ذیل ہے۔ چال آتشی ہے۔

۷۸۶

۳۲۶	۳۳۰	۳۳۳	۳۱۹
۳۳۲	۳۲۰	۳۲۵	۳۳۱
۳۲۱	۳۳۵	۳۲۸	۳۲۴
۳۲۹	۳۲۳	۳۲۲	۳۳۴

دھاگہ ناپ کر سحر و جنات کی تشخیص کرنا

مریض کے پاؤں کے ناخن سے سر کے بالوں تک ایک ڈورا (دھاگہ) ناپیں۔ پھر دھاگے پر سات (۷) مرتبہ سورۃ المزمل (پ۲۹)، اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف، پڑھ کر دم کریں اور دوبارہ اس ڈورے کو ناپیں۔

- اگر کم ہوجائے تو سحر کا اثر ہے۔
- اگر بڑھ جائے تو جنات کا اثر ہے۔
- اگر دھاگہ قد کے برابر رہے تو مرض جسمانی ہے۔

دھاگہ ناپ کر سحر و آسیب کی تشخیص کرنا

مریض کے پاؤں کے ناخن سے سر کے بالوں تک ایک نیلا ڈورا (دھاگہ) ناپ کر سات مرتبہ مندرجہ ذیل عزیمت پڑھ کر پھونکیں۔

- سحر و آسیب ہونے کی صورت میں دھاگہ بڑھ جائے گا۔
- جسمانی بیماری ہونے کی صورت میں دھاگہ چھوٹا ہوجائے گا۔

عزیمت یہ ہے: اَقْسَمْتُ عَلَيْكُمْ يَا شَنْشَارَنْ اَخْبِرْنِیْ بِالْاَسْرَارِ الْجَلِيِّ وَالْخَفِيِّ بِحَقِّ رُؤْيَاءِ يُوْسُفَ عَلَيْهِ السَّلَامُ وَ بِحُرْمَتِ لَا يَعْلَمُ الْغَيْبَ اِلَّا هُوَ۔

دھاگہ ناپ کر سحر و جنات کی تشخیص کرنا

نیلا سوتی دھاگہ سات تار مریض کے قد کے برابر ناپ کر اس پر سات مرتبہ یا گیارہ مرتبہ قبل از نماز مغرب پڑھیں:

وَاصْبِرْ وَمَا صَبْرُكَ اِلَّا بِاللّٰهِ وَلَا تَحْزَنْ عَلَيْهِمْ وَلَا تَكُ فِيْ ضَيْقٍ مِّمَّا يَمْكُرُوْنَ ۝ (النحل:۱۲۷)

یہ نیلا ڈورا رات کو مریض کے سرہانے یا تکیہ کے نیچے رکھا جائے۔ صبح پھر ناپا جائے۔

- اگر بڑھ جائے تو جنات کا اثر ہے۔
- اگر کم ہوجائے تو جادو کا اثر ہے۔
- اگر برابر رہے تو جسمانی مرض ہے۔

بیماری کی وجہ مریض کے مستعمل کپڑے معلوم کرنا

مریض کا ایسا کپڑا لیں جس میں اس نے رات گزاری ہو۔ پہلے اس کو گز سے ناپ لیں اور پیمائش ذہن میں رکھیں۔ پھر کپڑے پر سورۂ فاتحہ تین مرتبہ، سورۂ صافات کی پہلی گیارہ آیات، سورۂ جن کی پہلی چار آیات اور معوذتین ایک ایک بار پڑھ کر دم کر کے کپڑے کو ناپ لیں۔ اگر کپڑا بڑھ جائے تو بیماری شیطان کے اثر سے ہے۔ اگر کپڑا گھٹ جائے تو بیماری جن یا سحر کے اثر سے ہے۔ اور اگر کپڑا برابر رہے تو مرض جسمانی ہے۔

نوٹ درج بالا تمام عملیات کی "علم التشخیص کورس" میں باقاعدہ زکوۃ ادا کروائی جاتی ہے تاکہ عامل حضرات جب تشخیص کریں تو ان کی تشخیص صحیح ہو اور مخالفین (جنات) دوران تشخیص غالب آکر تشخیص کو خراب نہ کرسکیں۔

حضرت مولانا اشرف علی تھانوی نور اللہ مرقدہ کے مجرب عملیات

مرتب: اراکین روحانی علاج گاہ

برائے ہر بیماری

الحمد ۱۰ بار اول آخر گیارہ بار درود شریف یا یک ہزار صد و مرتبہ بر آب خوانده بنوشاند۔

(سورۂ فاتحہ دس بار اول و آخر گیارہ بار درود شریف، پانی پر دم کرکے مریض کو پلائیں۔ دوسرا طریقہ یہ ہے کہ گیارہ سو مرتبہ سورۂ فاتحہ پانی پر دم کرکے مریض کو پلائیں۔ دوسرا طریقہ ان امراض میں استعمال کریں، جو پرانے ہو چکے ہوں، موذی یا جان لیوا ہوں یا پھر طبیبوں نے جواب دے کر لاعلاج قرار دے دیا ہو۔ روز پڑھ کر پانی بنایا جائے اور مریض کو بھی دم کیا جائے۔ خ)

سر درد، دانت درد اور ریح کے درد کا علاج

ایک پاک تختی پر پاک ریت بچھ کر ایک میخ سے اس پر یہ لکھیں:

اَبْجَدْ هَوَّزْ حُطِّیْ

اور میخ کو زور سے الف (ابجد کے الف) پر دبائیں اور مریض اپنی انگلی زور سے درد کی جگہ پر رکھیں۔ عامل ایک دفعہ سورۂ فاتحہ پڑھے اور مریض سے درد کا حال پوچھیں۔ اگر درد باقی ہو تو اسی طرح "ب" کو دبائیں۔ ایک ایک حرف پر اسی طرح عمل کریں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ حروف ختم نہ ہونے پائیں گے اور درد جاتا رہے گا۔

ایام ماہواری کی کمی

اگر ایام ماہواری میں کمی ہو اور اس سے تکلیف ہو تو آیات ذیل کو لکھ کر گلے میں اس طرح ڈال دیں کہ تعویذ رحم پر پڑا رہے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ وَجَعَلْنَا فِيْهَا جَنّٰتٍ مِّنْ نَّخِيْلٍ وَّاَعْنَابٍ وَّفَجَّرْنَا فِيْهَا مِنَ الْعُيُوْنِ ﴿۳۴﴾ لِيَاْكُلُوْا مِنْ ثَمَرِهٖ ۙ وَمَا عَمِلَتْهُ اَيْدِيْهِمْ ۭ اَفَلَا يَشْكُرُوْنَ ﴿۳۵﴾ (یٰس: ۳۴-۳۵)

اَوَلَمْ يَرَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اَنَّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ كَانَتَا رَتْقًا فَفَتَقْنٰهُمَا ۭ وَجَعَلْنَا مِنَ الْمَاۗءِ كُلَّ شَيْءٍ حَيٍّ ۭ اَفَلَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿۳۰﴾ (الانبیآء: ۳۰)

ایام ماہواری کی زیادتی

اگر کسی کو ایام ماہواری زیادہ آتے ہوں اور اس سے تکلیف ہو تو آیات ذیل کو لکھ کر گلے میں اس طرح ڈال دیں کہ تعویذ رحم پر پڑا رہے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ وَقِيْلَ يٰٓاَرْضُ ابْلَعِيْ مَاۗءَكِ وَيٰسَمَاۗءُ اَقْلِعِيْ وَغِيْضَ الْمَاۗءُ وَقُضِيَ الْاَمْرُ وَاسْتَوَتْ عَلَي الْجُوْدِيِّ وَقِيْلَ بُعْدًا لِّلْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۴۴﴾ (ھود: ۴۴)

نظر بد

اگر نظر بد کا احتمال ہو تو آیات ذیل لکھ کر گلے میں ڈال دیں:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ وَاِنْ يَّكَادُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَيُزْلِقُوْنَكَ بِاَبْصَارِهِمْ لَمَّا سَمِعُوا الذِّكْرَ وَيَقُوْلُوْنَ اِنَّهٗ لَمَجْنُوْنٌ ﴿۵۱﴾ وَمَا هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ لِّلْعٰلَمِيْنَ ﴿۵۲﴾ (القلم: ۵۱-۵۲)

ہمیشہ لڑکی ہونا

اس عورت کا خاوند یا کوئی دوسری عورت اس کے پیٹ پر انگلی سے کنڈل یعنی دائرہ ستر (۷۰) بار بنائے اور ہر دفعہ میں "یَامَتِیْنُ" کہے۔ ان شاء اللہ لڑکا پیدا ہوگا۔ (کسی نامحرم سے ہرگز یہ عمل نہ کروایا جائے۔ خ)

ہر قسم کے درد کا علاج

ہر قسم کا درد خواہ کہیں ہو یہ آیت بسم اللہ سمیت تین دفعہ پڑھ کر دم کریں اور کسی تیل وغیرہ پر پڑھ کر مالش کریں یا باوضو لکھ کر باندھیں۔

وَبِالْحَقِّ اَنْزَلْنٰهُ وَبِالْحَقِّ نَزَلَ ۭ وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا مُبَشِّرًا وَّنَذِيْرًا ﴿۱۰۵﴾ (بنی اسرآئیل: ۱۰۵)

جناتی و آسیبی مریضوں کا علاج اور حصارات

سائیں عبداللطیف طائی (اسلام آباد)

سپاہی جنگ کے میدان میں جانے سے پہلے اپنی حفاظت کا سامان ضرور رکھتا ہے۔

اسی طرح عامل حضرات واقع سایہ، جنات، پری، بھوت، پریت، چڑیل کے حاضر کرنے اور ہمزاد جنات کو قابو کرنے اور قید کرنے کی غرض سے جو عمل کرتے ہیں، انہیں چاہیے کہ ہوائی مخلوق کی خباثت اور شرارت سے محفوظ رہنے کیلئے حصار ضرور کریں۔ اگر اس نے اپنی حفاظت نہ کی تو بجائے انہیں قابو یا قید کرنے کے آپ ہمیشہ ہمیشہ کے لئے روگ لگالیں گے اور آپ کی زندگی عذاب اور اجیرن بن جائے گی۔

حصارات میرے دادا عامل اللہ بخش کامل انسان تھے اور اپنے وقت کے لاثانی بزرگ تھے۔ یہ شریعت وطریقت کے عالم تھے، علم کا یہ حال تھا حضور اپنے وقت میں نادر زمانہ تھے۔ علم فلکیات، جفر، نجوم، علم الاعداد وغیرہ میں اپنا جواب نہ رکھتے تھے۔ ان کا تجربہ شدہ حصار پیش کرتا ہوں۔

نمبر1 ❶ درود ابراہیمی تین (3) بار۔ ❷ الحمد شریف گیارہ گیارہ (11) بار۔ ❸ آخری چاروں قل شریف تین (3) بار پڑھیں۔

نمبر2 درود صلوٰۃ تنجینا اپنے نام کے اعداد کے مطابق پڑھ کر اپنے اردگرد انگلی کے ساتھ چاروں طرف حصار کو پڑھ کر ایک چاقو پر پھونک ماریں اور اس چاقو یا چھری کو اپنے اردگرد گھما کر زمین میں گاڑھ دیں۔

عمل نمبر1 جناتی و آسیبی مریض کا علاج جس عورت یا مرد کو دیو، پری یا جن بھوت کا اثر ہو تو اس نقش کو لکھ کر مریض کے سامنے جلائیں۔ دوسرا نقش لکھ کر مریض کے گلے میں باندھیں۔ مریض کے نام کے اعداد کے مطابق سورۂ جن پڑھیں۔ نقش جلانے کے لئے

١	٢	٣	٤	٥	٦
٦٠	٧٠	٨٠	٩٠	١٠٠	١١٠

بحق اھیا اشر اھیا علیقا

ھا	ھا	ھا	ھا
١١	١١	١١	١١

بحق علیقا ملیقا طلیقا انت تعطم

دوسرا نقش گلے میں لٹکانے کیلئے

عمل نمبر2 سورۂ جن کے اعداد ٦٠٩٣٣ ہیں۔ جس شخص کو جن، پری، بھوت نے پکڑا ہو تو اس شخص کے نام کے مطابق سورۂ جن پڑھیں اور اس نقش کو مریض کے گلے میں ڈالیں، ان شاء اللہ نجات ہوگی۔

نظربد کے علاج کے چار (4) مجرب طریقے

محمد عبدالرؤف بلوچ (کوئٹہ)

❶ علامہ جلال الدین السیوطی الشافعی اپنی تصنیف جلیلہ کتاب الرحمۃ فی الطب والحکمۃ المعروف بہ مجربات سیوطی میں فرماتے ہیں کہ اگر کوئی نظر گرفتہ شخص مرد یا عورت تمہارے سامنے آئے۔ تو اس شخص سے مرغی کے ایک انڈے کا تقاضا کریں۔ جب وہ مریض انڈا لے آئے تو صاحب عمل وہ بیضہ مرغ لے کر مریض کے سر پر رکھے۔ پھر صاحب عمل یہ دعائے عظیمہ سات (7) مرتبہ پڑھے۔ اسی دوران یہ بیضہ مریض کے سر، دونوں کندھوں پر پھیرتے جاؤ۔ دعائے عظیمت یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ بِسْمِ اللّٰهِ خَيْرِ الْأَسْمَاءِ. بِسْمِ اللّٰهِ رَبِّ الْأَرْضِ وَالسَّمَاءِ. بِسْمِ اللّٰهِ اسْمُهُ بَرَكَةٌ وَشِفَاءٌ. بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِيْ لَا يَضُرُّ مَعَ اسْمِهٖ شَيْءٌ فِي الْأَرْضِ وَلَا فِي السَّمَاءِ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ

پھر اس انڈے کو نظر گرفتہ کے دائیں طرف (کف دست) پر رکھ کر اس نظر گرفتہ سے کہیں کہ وہ اس پر پھونک مارے۔ مریض کے پھونک مارنے کے دوران صاحب عمل سات (7) مرتبہ اللہ تعالیٰ کے ان اسماء کو پڑھ لے۔ یا اللہ یا رب یا حفیظ یا مانع بعد ازاں اس انڈے کو مریض کے بالوں میں تھوڑا سا پانی ڈال کر توڑ ڈالیں۔ آپ یہ دیکھیں گے کہ انڈے کے اندر ایک سیاہ یا گاڑھے سرخ رنگ کا نقطہ سا نظر آئے گا۔ جان لو کہ یہی نظر بد ہے۔ بعدہ بیضہ کو زمین میں دفن کر دیں۔

❷ علامہ دیربی اپنی تصنیف جلیلہ کتاب فتح المجید المعروف بہ مجربات دیربی اور پاک و ہند کے مشہور و معروف عامل جناب شاہ دیلانی اپنے مجربات بنام بیاض عملیات (تلاش) میں فرماتے ہیں کہ اگر کسی نظر گرفتہ کو دیکھیں۔ تو اس پر لگی نظر کو دفع کرنے کی غایت سے ایک عدد بیضہ مرغ لے کر اس پر ایک بار یہ درود پاک لکھیں۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ وصلی اللہ علی سیدنا محمد وعلی الہ وصحبہ وسلم تسلیماً کثیراً۔ ثم ینظرون من افشاء العین صلت بھا العین الشرور والحسود۔

اس کے بعد سات (7) بار یہ دو الفاظ بھی انڈے پر لکھیں۔ ھلکع فوع پھر اس بیضہ اور مریض کو خشک دھنیا کی دھونی دیں۔ پھر اس انڈے کو نظر گرفتہ کے دائیں طرف کے کف دست پر رکھ کر سورۂ اخلاص مع تسمیہ سات سے اکیس (21) بار پڑھیں۔ تو آپ حیران ہوں گے کہ انڈہ ہتھیلی پر از خود کھڑا ہو جائے گا۔ بعد ازاں اس انڈے کو توڑ ڈالیں۔ آپ یہ دیکھیں گے کہ انڈے کے اندر سرخ خون کا ایک نقطہ (نقطہ یعنی دھبہ سا) نظر آئے گا۔ جان لو کہ یہی نظر بد ہے۔ اس سرخ دھبے کو مصاب (یعنی نظر گرفتہ) کے ماتھے پر مالش کریں۔ نظر گرفتہ اسی وقت یقینی طور پر ٹھیک ٹھاک ہو جائے گا ان شاء اللہ تعالیٰ۔

❸ علامہ رفیق زاہد صاحب اپنی تصنیف جلیلہ بوستان طلسمات المعروف میں فرماتے ہیں کہ! نظر بد کا اثر معلوم کرنے کا ایک سو فیصدی کامیاب طریقہ درج کیا جاتا ہے جسے کر کے عجائبات خداوندی کا از خود نظارہ کریں۔ طریقہ یہ ہے کہ ایک عدد بیضہ مرغ لے کے اس پر یہ عبارت تحریر کریں۔

لمشلغ مہعلش معشبخ بجمیمش معشبخ بجمتملش مجممش مکثغ مصحثبخ مصطھیصخ معصلص معصط سحتوا یحبوا ھیال اعجن یکع لھو نیث الخیر ھبال۔ العجل الوحا الساعۃ۔ اللعنۃ الشیطن الرجیم۔ مما یکد النظر والعین العامل

اس کے بعد بیضہ مرغ کو خشک دھنیا کی دھونی دیں۔ اور سات (7) مرتبہ بحالت وضو سورۂ اخلاص مع تسمیہ پڑھ کر انڈے پر پھونک کر انڈے کو توڑ ڈالیں۔ آپ حیران ہوں گے کہ انڈے میں زردی و سفیدی کے بجائے تازہ خون دیکھنے میں آئے گا۔ اسی خون سے مریض یا مریضہ کی پیشانی پر نشان لگا کے سے نظر بد اسی لحہ ختم ہو جائے گی۔ ان شاء اللہ۔

❹ صاحب بوستان طلسمات محمد رفیق زاہد صاحب فرماتے ہیں کہ جس شخص، بچے یا چوپائے کا یہ معلوم کرنا ہو کہ اسے نظر لگی ہوئی ہے یا نہیں؟ ذیل کی عزیمت کو پانی پر سات (7) مرتبہ پڑھ کر دم کر کے مریض کے منہ میں اسی دم شدہ سے کلی کروائے۔ پھر مریض اس پانی میں بغور دیکھے۔ اگر مریض پر کسی نظر بد کا اثر ہو گا۔ تو اسے پانی میں کوئی خوفناک شکل و صورت نظر آئے گی۔ اگر مریض کو کچھ نظر نہ آئے۔ تو عامل مریض کو تسلی دے دے۔ کہ کوئی نظر وغیرہ کا اثر نہیں ہے۔ بلکہ ایک طبی مسئلہ ہے۔ لہٰذا ایسا شخص اپنا علاج کروائے۔ عظیمت یہ ہے:

عزمت علیك ان اردت یاعین الغائبۃ بحق نوحتفك جنتك واخرجت من حجر یابس اوشھاب ثاقب حمس حابس فیمالك مبیق بھا فارجع البصر ھل تری من فطور ثم ارجع البصر کرتین ینقلب الیك البصر خاسئا وھو حسیر

ہر قسم کے آسیب، جن، شیطان، بھوت پلید اور ارواحِ خبیثہ سے حفاظت کا ایک مجرب اور خاص الخاص تعویذ... خالد مقبول حفظہ اللہ

یہ تعویذ ہر قسم کے آسیب، جن، شیطان، بھوت پلید اور ارواح خبیثہ سے حفاظت میں لاثانی ہے۔ اعتماد سے اس کو استعمال کریں اور کروائیں۔ مریض کے گلے میں ڈالیں۔ ان شاء اللہ، صرف تین ہفتہ میں ہر قسم کی بندش کا خاتمہ ہوگا۔ اس تعویذ کو لکھنے کی شرط صرف اتنی ہے کہ آیت الکرسی کا عامل ہو۔ جو حضرات عامل نہیں، وہ روحانی درسگاہ رابطہ کر کے بغیر کسی فیس کے آیت الکرسی کا عمل کر سکتے ہیں۔ رسالے کے آخر میں دیا گیا کوپن پُر کر کے ارسال فرمائیں۔ جو شرائط ہیں، وہ پوری کریں۔ ان شاء اللہ، عمل کرنے کے بعد اپنی آنکھوں سے اس تعویذ کی روحانی طاقتوں کو ملاحظہ کریں۔ یہ تعویذ استاذ مکرم صوفی پیر حکیم غلام سرور شباب صاحب مدظلہ کا ہے۔ تعویذ یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ	اَلْحَيُّ الْقَيُّوْمُ	لَا تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ	لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ	وَمَا فِي الْاَرْضِ	مَنْ ذَا الَّذِيْ يَشْفَعُ عِنْدَهٗٓ	اِلَّا بِاِذْنِهٖ	يَعْلَمُ مَا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ
اَلْحَيُّ الْقَيُّوْمُ	لَا تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ	لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ	وَمَا فِي الْاَرْضِ	مَنْ ذَا الَّذِيْ يَشْفَعُ عِنْدَهٗٓ	اِلَّا بِاِذْنِهٖ	يَعْلَمُ مَا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ	وَمَا خَلْفَهُمْ
لَا تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ	لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ	وَمَا فِي الْاَرْضِ	مَنْ ذَا الَّذِيْ يَشْفَعُ عِنْدَهٗٓ	اِلَّا بِاِذْنِهٖ	يَعْلَمُ مَا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ	وَمَا خَلْفَهُمْ	وَلَا يُحِيْطُوْنَ بِشَيْءٍ مِّنْ عِلْمِهٖٓ
لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ	وَمَا فِي الْاَرْضِ	مَنْ ذَا الَّذِيْ يَشْفَعُ عِنْدَهٗٓ	اِلَّا بِاِذْنِهٖ	يَعْلَمُ مَا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ	وَمَا خَلْفَهُمْ	وَلَا يُحِيْطُوْنَ بِشَيْءٍ مِّنْ عِلْمِهٖٓ	اِلَّا بِمَا شَآءَ وَسِعَ كُرْسِيُّهُ
وَمَا فِي الْاَرْضِ	مَنْ ذَا الَّذِيْ يَشْفَعُ عِنْدَهٗٓ	اِلَّا بِاِذْنِهٖ	يَعْلَمُ مَا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ	وَمَا خَلْفَهُمْ	وَلَا يُحِيْطُوْنَ بِشَيْءٍ مِّنْ عِلْمِهٖٓ	اِلَّا بِمَا شَآءَ وَسِعَ كُرْسِيُّهُ	السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ
مَنْ ذَا الَّذِيْ يَشْفَعُ عِنْدَهٗٓ	اِلَّا بِاِذْنِهٖ	يَعْلَمُ مَا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ	وَمَا خَلْفَهُمْ	وَلَا يُحِيْطُوْنَ بِشَيْءٍ مِّنْ عِلْمِهٖٓ	اِلَّا بِمَا شَآءَ وَسِعَ كُرْسِيُّهُ	السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ	وَلَا يَئُوْدُهٗ حِفْظُهُمَا
اِلَّا بِاِذْنِهٖ	يَعْلَمُ مَا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ	وَمَا خَلْفَهُمْ	وَلَا يُحِيْطُوْنَ بِشَيْءٍ مِّنْ عِلْمِهٖٓ	اِلَّا بِمَا شَآءَ وَسِعَ كُرْسِيُّهُ	السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ	وَلَا يَئُوْدُهٗ حِفْظُهُمَا	وَهُوَ
يَعْلَمُ مَا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ	وَمَا خَلْفَهُمْ	وَلَا يُحِيْطُوْنَ بِشَيْءٍ مِّنْ عِلْمِهٖٓ	اِلَّا بِمَا شَآءَ وَسِعَ كُرْسِيُّهُ	السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ	وَلَا يَئُوْدُهٗ حِفْظُهُمَا	وَهُوَ	الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ

روحانی علاج گاہ کی مفت روحانی خدمات

برائے جنوری ۲۰۲۲ء

زبان بندی (زوجین)

میاں بیوی کی ہر وقت کی لڑائی، زوجین کا ایک دوسرے کو گالیاں دینا، طعنے دینا، برا بھلا کہنا، تلخ و دل کو چھلنی کرنے کی باتیں کرنا یا کسی بھی طرح کے ایسے الفاظ جن سے دوسرے کو تکلیف ہو...... ان سب کے حل کے لیے زبان بندی کا خاص تعویذ حاصل کریں۔

جائز جدائی

اگر ایسی کوئی صورتحال ہو کہ مرد کے مرد سے یا عورت کے عورت سے غلط تعلقات ہوں، مرد عورت کے آپس میں غلط تعلقات ہوں، کوئی ایسا دوست بن جائے جس کا تعلق بہت نقصان دہ ہو، کچھ لوگ متحد ہو جائیں اور آپ کے خلاف کام کر رہے ہوں یا کوئی بھی ایسی صورتحال ہو جس میں دو افراد کی آپس میں جدائی کروانی ہو اور اس کی شرعاً اجازت بھی ہو تو دونوں افراد کے نام مع والدہ کے ساتھ بتا کر خاص تعویذ حاصل کریں۔

محبت کے لیے

میاں بیوی میں محبت مطلوب ہو، بھائی بہنوں میں محبت مطلوب ہو، والدین اور اولاد میں محبت مطلوب ہو، دوستوں میں محبت مطلوب ہو۔ الغرض کسی طرح کی جائز محبت مطلوب ہو تو محبت کے خاص تعویذات حاصل کریں۔ یہ تعویذات خاص ان کیسز میں بہت مجرب ہیں، جس میں مطلوب عرب ممالک میں رہتا ہو اور جن گھرانوں کا ماحول دینی ہو۔

چور کا پتہ لگانا یا سامان واپس ملنا

اگر کسی کی چوری ہو گئی ہو تو اس چوری کے سامان کی واپسی یا پھر چور کا پتہ لگانے کے لیے خاص تعویذ حاصل کریں۔ اگر کسی جگہ سے چوری ہوئی ہے تو یہ تعویذ منگوائیں۔ اگر راہ چلتے چوری ہوئی ہے تو یہ تعویذ اس مقصد کے نہیں۔

ہر قسم کے امراض کیلئے

قرآنی آیات پر مشتمل اس روحانی علاج کو چھوٹی سے چھوٹی بیماری سے لے کر مختلف قسم کے بڑے، جان لیوا، لا علاج امراض سے نجات حاصل کرنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔ یہ ایک ایسا علاج ہے کہ ایک ہی علاج کو کئی طرح کے امراض سے شفاء کے لیے استعمال کیا جا سکتا ہے۔ اس روحانی علاج کے کسی قسم کا کوئی مضر اثرات بھی نہیں ہوتے۔ بڑی بیماریوں پر ڈاکٹری علاج پر ہزاروں روپے خرچ کرنے اور پھر بھی مریض مکمل صحت یاب نہ ہو تو ایسے لوگوں سے خصوصی گذارش ہے کہ اس روحانی علاج کو ضرور استعمال کریں اور کلام الٰہی کے فیض کا مشاہدہ کریں کہ کیسے کئی طرح کے امراض سے جلد شفاء ملتی ہے۔ (نوٹ: طبی علاج بھی جاری رکھیں۔)

جناتی و آسیبی مریض کے لیے

جنات تنگ کرتے ہوں، اثرات ڈالتے ہوں، بیمار کر دیا ہو، ڈراتے ہوں، آوازیں دیتے ہوں، بندشیں لگا دی ہوں، حاضر ہوتے ہوں، دماغ متاثر کر دیا ہو الغرض ہر طرح کے جناتی و آسیبی بد اثرات سے نجات کے لیے دو ہفتہ پر مشتمل روحانی علاج منگوائیں۔

نوٹ یہ تمام روحانی خدمات صرف جنوری ۲۰۲۲ء کے لیے ہی ہیں۔ رسالے سے آخر میں دیا گیا کوپن پُر کر کے روحانی علاج منگوائیں۔ ایک فرد کے لیے ایک کوپن استعمال کریں۔ صرف صاحب معاملہ ہی علاج منگوا سکتے ہیں۔ نامکمل کوپن، ایک سے زائد افراد کے لیے یا پھر شرائط پر پورا نہ اترنے والوں کو روحانی علاج بھیجنے سے معذرت۔ تعویذات کی تعداد محدود ہوتی ہے۔ اس لیے ختم ہونے پر دوبارہ تیار نہیں کیے جاتے۔ مکمل شرائط پڑھ کر ہی روحانی علاج منگوائیں۔

ruhaniilajgah 0342-7772772 042-35410586
روحانی علاج گاہ دارالعمل چشتیہ لاہور پاکستان
darulamal.org/ruhaniilajgah, ruhaniilajgah@gmail.com
0324-7772772 | ruhaniilajgah96

جنات کی تسخیر

سید محبوب علی شاہ قادری رحمۃ اللہ علیہ

اگر جنات کو دیکھنا اور ان سے ملاقات کرنا چاہے یا چاہے کہ جنات میری اطاعت کریں تو یہ اسماء بوک بکرے کی کھال پر لکھ کر مٹی کے طشتری میں رکھ کر جلاؤ۔ اس راکھ کو آنکھ میں لگاؤ تو جنات نظر آئیں گے اور ان کی بات سنائی دے گی۔ اگر ان سے کچھ پوچھنا ہو تو ان اسماء کو پڑھ کر یہ کہو: اے جنات بحق ان اسماء کے میری اطاعت کرو اور جو تم سے سوال کروں اس کا جواب دو۔ اس وقت جنات کے علماء تمہارے سامنے حاضر ہوں گے اور وہ ہر سوال کا جواب دیں گے۔

اگر کوئی ضرورت پیش آئے تو کسی عمدہ صاف مکان میں بیٹھ کر تین دن ہر نماز کے بعد سات مرتبہ یہ اسماء پڑھے۔ پس جو موکل بہت سارے جنات لے کر تمہاری خدمت میں حاضر ہوگا۔ اس وقت تم کو چاہیے کہ اللہ کے سامنے سجدہ شکر ادا کرکے جو چاہو پوچھ لو، جو چاہو طلب کرو اور سجدہ میں یہ الفاظ کہو۔ "یامغیث اغثنی" پھر سجدہ سے سر اٹھا کر کہو حَسْبِيَ اللّٰهُ ۖ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۗ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ ۖ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ﴿١٢٩﴾ (التوبۃ:129) پس جنات ہر قسم کی اطاعت کریں گے۔ موکلوں کے نام یہ ہیں:

اجب یا کسف یائیل ویارقیائیل ویامرق یائیل ویا مبدعائیل ویامیکائیل ویامنہائیل ویارو یائیل ویادھر دائیل ویامطریائیل ویالو مرق یائیل ویاالیائیل ویا طوطیائیل ویاھقع یائیل ویاقرطیائیل ویاعسقر یائیل ویادخیائیل ویاقلدیائیل ویادرد یائیل ویامرقد یائیل ویادق یائیل ویاھرق یائیل ویاجبرائیل ویاسمسمائیل ویاسع یائیل بحق یاالله العظیم لیس کمثله شئ وهو السمیع البصیر احضرو واسمعوا طیعواو کونوعونالی علی جمیع ماآمرکم به اهیا اهیا العجل العجل الوحا الوحا الساعة الساعة بارك الله فیکم وعلیکم.

جنات کی حاضری

ابوضیاء الرحمن حنفی غفرلہٗ

اگر کوئی شخص یہ چاہتا ہے کہ میں جنات کو حاضر کروں تو اوّل تو یہ جان لے کہ یہ کام خطرے سے خالی نہیں۔ پھر بھی کرنا چاہے تو کسی خاص عامل سے مدد و رہنمائی حاصل کرنے کے بعد اس کی نگرانی میں اس عمل کو کرے۔ ان شاء اللہ مخفی پردے ہٹ جائیں گے۔ حقیقت سامنے آجائے گی۔ لیکن اس بات کا خیال ضرور رکھے کہ جس جگہ اس عمل کو کرے، وہاں پر جنات رہتے ہوں یا وہاں سے ان کا گزر ہوتا ہو۔

حصار: سب سے پہلے اپنا اور اپنے اہل وعیال کا حصار اس طرح ضرور کرلے۔ اوّل آخر درود شریف، تین (۳) بار منزل، اکیس (۲۱) بار آیت الکرسی، سات سات (۷) بار سورۃ فلق وناس پڑھ کر ایک چھڑی پر دم کریں۔ دوسرا دم شہادت کی انگلی پر کرکے سر پر گھماتے ہوئے اہل وعیال کا حصار کریں۔ اس طرح ہاتھوں پر بھی دم کرکے پورے جسم پر پھیریں اور چھڑی کی مدد سے اپنے اردگرد ایک بڑا سا گول دائرہ بنائیں اور اس دائرے کے اندر بیٹھیں۔

طریقہ: تلوں کا تیل، زعفران اور زیتون کا تیل مکس کرکے مٹی کے تازہ چراغ میں ڈال کر روئی ڈال کے روشن کریں۔ پھر سورۃ الجن کو پڑھنا شروع کریں۔ اس وقت تک پڑھیں جب تک جنات کی حاضری مکمل نا ہو جائے۔ اگر تین گھنٹے کے درمیان حاضری یا کوئی ایسی شکل نہ ظاہر ہو تو اگلے روز دوبارہ اسی ترتیب سے عمل شروع کریں۔ ان شاء اللہ پہلے روز ہی حاضری ہو جائے گی۔ ورنہ زیادہ سے زیادہ سترہ (۱۷) دن تک عمل جاری رکھیں، کام ہو جائے گا۔ ان شاء اللہ

ھدایات: عمل چاند کی تیسری رات سے شروع کریں۔ روزانہ تازہ غسل بھی کریں۔ سر میں تیل بھی لگائیں۔ سرمہ اور خوشبو کا استعمال بھی کریں۔ بہتر ہے پرہیز جلالی کریں۔ ورنہ احتیاط سے کام لیں۔ گوشت، انڈے اور بدبودار اشیاء سے دور رہیں۔ دوران عمل جگہ، وقت کا انتخاب ایک رکھیں۔ بالکل یکسوئی سے کریں۔

حواس باطن کو بیدار کرنے کے خاص اعمال

حکیم پیر عبدالروف نظامی قادری

اَللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ

اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں وہ زندہ قائم ہے

یہ وظیفہ جلالی اور جمالی دونوں قسم کے الفاظ پہ مبنی ہے۔ اکثر عاملین نے اسے اسم اعظم قرار دیا ہے۔ یہ ایک ایسا وظیفہ ہے کہ اس کے پڑھنے سے یہ نعمت حاصل ہو جاتی ہے۔ ہر بگڑا ہوا کام سیدھا ہو جاتا ہے۔ جو شخص دنیاوی عزت و دولت کا خواہشمند ہو تو اسے چاہیے کہ اس وظیفہ کو تین ہزار تین سو تینتیس (3333) مرتبہ صبح یا شام پڑھے۔ اور تین سال تک اس عمل کو جاری رکھے۔ ان شاء اللہ جوں جوں وظیفہ کی تعداد میں اضافہ ہوگا اس کو عزت و دولت ملنی شروع ہو جائے گی۔

حواس باطن کو بیدار کرنے کے لیے

جملہ شرائط یعنی تنہائی، جائے پہ سکون۔ جماع و گوشت وغیرہ سے پرہیز۔ رات بارہ (12) بجے کے بعد باوضو کمرہ میں مصلیٰ بچھا کر نماز تہجد

کے چار (4) نفل درجہ ذیل طریقہ سے ادا کریں۔ پہلی دو رکعت نماز نفل میں بعد فاتحہ چالیس (40) اور تیس (30) بار اَللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ پڑھیں۔ دوسری دو رکعت نماز نفل میں بعد فاتحہ بیس (20) اور دس (10) بار پڑھیں بعد سلام و دعا خیر کر کے شمال کی طرف رخ کر کے چار زانو بیٹھ جائیں۔ نشست میں ایک موٹی گدی یا تکیہ نیچے اس طرح رکھیں کہ بیٹھتے وقت صرف سرین اس گدی پر ہوں۔ اس طرح آپ کی ریڑھ کی ہڈی میں خم نہیں آئے گا۔ اور ٹخنوں پہ وزن کم ہو جائے گا۔ دوران وظیفہ کمرے میں اندھیرا رکھیں۔ شمالاً جنوباً مذکورہ نشست پہ سکون سے بیٹھ کر آنکھیں بند کریں۔ زبان تالو سے لگا کر بہ زبان قلب پانچ سو (500) بار صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم یاحی یاقیوم پڑھیں۔

ابتداء میں مسلسل زبان تالو سے لگائے رکھنا محال سا معلوم ہوگا مگر آہستہ آہستہ قدرت حاصل ہو جائے گی۔ ابتداء میں کھانسی اٹھے یا جمائی جسے اباسی بھی کہتے ہیں آئے تو تھوڑا تھوڑا وقفہ دیں اور زبان کو آرام دیں۔ چند روز بعد عادی ہو جائیں گے۔ یہ یاد رکھیں! تعداد زبان تالو سے لگا کر ہی پوری کرنا ہوگی۔ اکثر دوران عمل تالو سے لعاب کی تراوش ہونے لگتی ہے۔ اسے ساتھ ساتھ پیتے رہیں۔ تھوکنے کی کوشش نہ کریں، تراوش لعاب کامیابی کی طرف پہلا قدم ہے۔

اختتام عمل پر اس جگہ سو جائیں تو بہتر ہے ورنہ بباس بدل کر دوسری جگہ سو جائیں۔ جتنے بھی دن میں آپ کو یہ قدرت حاصل ہو جائے کہ زبان تالو سے ہٹائے بغیر پانچ سو (500) بار پڑھ لیں۔ اس کے بعد اس طرح پڑھیں کہ زبان تالو سے لگا کر آہستہ آہستہ سانس اندر کھینچیں۔ جب سینہ ہوا سے پر ہو جائے دس (10) بار عمل مذکورہ یعنی درود پاک کے ساتھ پڑھیں، سانس خارج کر دیں۔ وقفہ دے کر دوبارہ سانس اندر کھینچ کر دس (10) بار پڑھیں، اس طرح دس راؤنڈ (چکر) میں دو صد (200 بار) پڑھیں، اس طرح پچیس (25) چکر میں پانچ سو (500) بار پڑھیں۔ ان شاء اللہ اس عمل سے روحانی اسرار کھل جائیں گے۔ خواب آنا شروع ہو جائیں گے۔ اگر پیچھے استاد یا مرشد کی خاص توجہ اور مرید یا شاگرد کا ان سے قلبی و روحی رابطہ مضبوط ہوا تو اس کا باطن بیدار ہو جائے گا اور عامل صاحب کشف بن جائے گا۔ آہستہ آہستہ خدا کی پوشیدہ مخلوقات اور عجائبات کا اس کو مشاہدہ و معائنہ ہونا شروع ہو جائے گا۔

جسمانی بیماریوں کا روحانی علاج

حضرت مولانا اعجاز احمد خان مدظلہ (کراچی)

سر کے درد کو دور کرنا

اگر کسی کے سر میں اکثر درد ہوتا ہو تو اس دعا سے پہلے ایک مرتبہ درود شریف پڑھے وہ یہ ہے:

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ۔

اس کے بعد ایک مرتبہ ”بسم اللہ الرحمن الرحیم“ پڑھے۔ اس کے بعد اس دعا کو تین بار پڑھے وہ یہ ہے۔ بِسْمِ اللّٰہِ الْکَبِیْرِ اَعُوْذُ بِاللّٰہِ الْعَظِیْمِ مِنْ شَرِّ کُلِّ عِرْقٍ نَعَّارٍ وَّمِنْ شَرِّ حَرِّ النَّارِ یہ دعا پڑھ کر مریض کے سر پر تین پھونک مارے۔ اس کے بعد عرق گلاب میں زعفران گھول کر قبلہ رخ باوضو مصلے پر بیٹھ کر یہ دعا ایک پاک اور سفید کاغذ پر لکھے، اور موم کو گرم کر کے اس میں کپڑا تر کرے اور اس تعویذ کو موڑ کر اس پر لپیٹ دے اور کپڑے میں باندھ کر سر میں باندھ لے۔

بائی بیماری، طاعون، ملیریا، کورونا، انفلوئنزا، ڈینگی کا علاج

جہاں پر یہ وبائی بیماریاں ہوں، تمام کھانے کی چیزوں، آٹا، گیہوں، چاول، چینی، جوار، باجرہ، مکئی، سبزیاں، بینگن، ترئی، بھنڈی، پیاز، لہسن، نمک، مرچ، دھنیا، گرم مصالحہ، چائے کی پتی، آم، امرود، آڑو، شفتالو بیر، انگور، نارنگی، چیکو، تمام سبزیاں پھل جو گھر میں آئیں اور کھانے کا سامان جو گھر پر آئے۔ ان سب پر تین مرتبہ سورۃ قدر بسم اللہ الرحمن الرحیم کے ساتھ پڑھ کر دم کیا کریں۔ عورت، مرد، بچے، سب پڑھ کر دم کر سکتے ہیں۔ سورۃ القدر یہ ہے: بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اِنَّآ اَنْزَلْنٰہُ فِیْ لَیْلَۃِ الْقَدْرِ ۝١ وَمَآ اَدْرٰىكَ مَا لَیْلَۃُ الْقَدْرِ ۝٢ لَیْلَۃُ الْقَدْرِ خَیْرٌ مِّنْ اَلْفِ شَھْرٍ ۝٣ تَنَزَّلُ الْمَلٰٓئِکَۃُ وَالرُّوْحُ فِیْھَا بِاِذْنِ رَبِّھِمْ ۚ مِنْ کُلِّ اَمْرٍ ۝٤ سَلٰمٌ ھِیَ حَتّٰی مَطْلَعِ الْفَجْرِ ۝٥

برائے حفاظت حمل

جس عورت کا حمل بار بار گر جاتا ہو اور وہ رکتا نہ ہو تو اس کے لئے یہ عمل بڑا کامیاب اور اہل اللہ کا معمول رہا ہے۔ حکیم الامت مجدد ملت حضرت مولانا شاہ اشرف علی تھانوی قدس سرہ کا بھی اس پر عمل تھا۔

سورۃ والشمس (پارہ ۳۰) پوری سورۃ پڑھے، اس کے لئے سوا پاؤ (چار چھٹانک اور پاؤ چھٹانک) (قارئین موجودہ نظام کے تحت کلو گرام کے مطابق سوا پاؤ کے برابر اجوائن اور کالی مرچ لیں) اس پر اکتالیس (۴۱) بار سورۃ والشمس پڑھ کر دم کرے۔ ان دونوں پر اکتالیس بار پڑھے اور ہر بار اول تین بار درود شریف اور دونوں پر ایک بار پڑھ کر دم کرے۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم پڑھے۔ اس طرح درود شریف یہ ہے نماز والا: اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ۔ اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ۔

سورۃ الشمس مکیۃ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۔ وَالشَّمْسِ وَضُحٰھَا ۝١ وَالْقَمَرِ اِذَا تَلٰھَا ۝٢ وَالنَّھَارِ اِذَا جَلّٰھَا ۝٣ وَالَّیْلِ اِذَا یَغْشٰھَا ۝٤ وَالسَّمَآءِ وَمَا بَنٰھَا ۝٥ وَالْاَرْضِ وَمَا طَحٰھَا ۝٦ وَنَفْسٍ وَّمَا سَوّٰھَا ۝٧ فَاَلْھَمَھَا فُجُوْرَھَا وَتَقْوٰھَا ۝٨ قَدْ اَفْلَحَ مَنْ زَکّٰھَا ۝٩ وَقَدْ خَابَ مَنْ دَسّٰھَا ۝١٠ کَذَّبَتْ ثَمُوْدُ بِطَغْوٰھَآ ۝١١ اِذِ انْۢبَعَثَ اَشْقٰھَا ۝١٢ فَقَالَ لَھُمْ رَسُوْلُ اللّٰہِ نَاقَۃَ اللّٰہِ وَسُقْیٰھَا ۝١٣ فَکَذَّبُوْہُ فَعَقَرُوْھَا فَدَمْدَمَ عَلَیْھِمْ رَبُّھُمْ بِذَنْۢبِھِمْ فَسَوّٰھَا ۝١٤ وَلَا یَخَافُ عُقْبٰھَا ۝١٥

شادی "زدہ" لوگ

محمود فیاض

اکثر لوگ (جن میں میری بیگم بھی شامل ہیں) سمجھتے ہیں کہ جب کوئی میاں بیوی کے رشتے پر منفی بات کرے تو لازمی وہ واقعہ، لطیفہ یا خیال اس کے اپنے ازدواجی تجربے سے اخذ کیا گیا ہوتا ہے۔ اسی لیے بیگم اکثر شکایت بھی کرتی ہیں کہ لوگ سمجھتے ہوں گے کہ ایک ہمارا ہی تعلق سب سے خراب ہے۔

حقیقت یہ ہے دوستو! کہ میری شادی شدہ زندگی بھی اتنی ہی "خوشحال" ہے جتنی ہر سال ویڈنگ انیورسری پر جذباتی مکالمے لکھ کر ساتھ انگوٹھی والی تصویر ڈالنے والوں کی گزر رہی ہے۔ اور اتنی ہی خراب بھی جتنی کسی بھی شادی شدہ جوڑے کی انیس سال اکٹھے رہنے کے بعد آپس میں گھِس گھِس اور رگڑ رگڑ کر گول ہونے کے بعد ہوتی ہے۔

میرا خیال ہے اور آپ اس سے (کچھ غور کے بعد) اتفاق پر مجبور ہوں گے کہ شادی کے بارے میں سارا جھوٹ فلموں کا پھیلایا ہوا ہرگز نہیں ہے۔ آدھا جھوٹ ان سب، بلکہ ہم سب شادی شدہ جوڑوں کا پھیلایا ہوا بھی ہوتا ہے، جو خود تو بیڈ روم اور چاردیواری میں ایک دوسرے کی "کتے خوانی" کر کے جب باہر نکلتے ہیں اور کسی محفل میں پہنچتے تب تو چہرے پر مسکراہٹ سجائے ایسے ایسے جھوٹ بولتے ہیں کہ لگتا ہے جیسے "باغبان" فلم کے امیتابھ اور ہیما ہوں۔

معذرت کے بغیر، یہ بیماری خواتین میں بدرجہ اتم ہے کہ ان کی شادی شدہ زندگی آئیڈیل سے چند سیڑھیاں اوپر بادلوں میں نظر آئے۔ اس لیے باقی معاملات میں میک اپ کے ساتھ اپنے اس رشتے کو بھی ایسا "میک اپ" چڑھا دیتی ہیں کہ چند سال بعد اچانک طلاق سے قریبی دوست رشتے دار بھی حیران ہوتے ہیں کہ ابھی تو بھلے چنگے تھے، اس دن ہاتھوں میں ہاتھ ڈال کر ڈانس بھی کر رہے تھے۔ یہ اچانک کیا ہو گیا۔

چھوٹا سا واقعہ، سعودیہ میں ملازمت کے دوران، میری بیگم ہمیشہ مجھ سے اس بات پر خفا ہوتی کہ تم نے کبھی مجھے پاکستان جانے سے نہیں روکا اور نہ ہی مدت کی قید لگائی جبکہ فلاں کی بیوی بتا رہی تھی کہ اس کا شوہر اس کے بغیر چند دن بھی نہیں رہ سکتا۔ چار ہفتے کے لیے جاتی ہوں تو دو ہفتوں میں واپس بلا لیتا ہے۔ یقین کریں میں ان تمام سالوں میں حیرانی سے یہ سوچتا بھی رہا کہ میرے ہی "پیار و توجہ" میں کچھ کمی ہے کہ مجھ سے بیوی کا جانا برداشت ہو جاتا ہے۔ کافی کوشش کی کہ برداشت نہ ہو، مگر کم بخت ریلیکس ہی بہت رہتا ہے بندہ، کیا کرتا۔ خیر کفر اس دن ٹوٹا، جب اس "فلاں" سے میری بے تکلفانہ بات ہوئی تو ہنستے ہوئے کہنے لگا کہ بیگم مجھے کبھی اتنے دن چھوڑتی ہی نہیں، چار ہفتے کا کہہ کر جاتی ہے اور دو ہفتوں میں واپس آ جاتی ہے۔

اور میں ان تمام سالوں کے بارے میں سوچ رہا تھا جب میں نے اپنی شادی شدہ زندگی کو کمتر جانا۔

نئے شادی شدہ جوڑوں سے درخواست ہے کہ آپ نے اگر پچاس سال اکٹھے گزارنا ہے تو اپنے ارد گرد کسی بھی "میک اپ زدہ" شادی شدہ جوڑے کی باتوں کو حقیقت مت جانیں۔ نہ ان کے رشتے کی خامیاں آپ میں موجود ہوں گی اور نہ خوبیاں۔ یہ ایک منفرد تجربہ ہے اور ہر جوڑے کے ساتھ ہی مخصوص ہوتا ہے۔ آپ میں اختلافات بھی ہوں گے اتفاق بھی، خوشی بھی ہو گی جھگڑا بھی، مفاہمت بھی ہو گی اور کبھی کبھی معاملات طلاق تک بھی پہنچ جائیں گے۔ ایسا ہر شادی شدہ جوڑے کے ساتھ ہوتا ہے۔ کچھ بتا دیتے ہیں باقی جھوٹ بولتے ہیں۔

روحانی درسگاہ کے شاگرد متوجہ ہوں

ایسے تمام شاگرد جو ممبر شپ نہیں لیتے یا ممبر شپ ختم ہونے پر تجدید نہیں کرواتے، ان کو ممبران والی رعایت نہیں دی جائے گی۔ اس کے علاوہ روحانی درسگاہ میں سکھائے جانے والے بغیر فیس اعمال، خزینہ روحانیات کے ممبران والے اعمال اور روحانی درسگاہ کے شاگردوں والے اعمال کی بھی اجازت نہیں دی جائے گی۔ (ادارہ)

EMF Meter (Ghost Meter)

یہ میٹر کسی بھی جگہ جنات اور غیبی مخلوق کی موجودگی کا پتہ لگانے کے لیے استعمال ہوتا ہے۔ پاکستانی مختلف ٹی وی چینلز میں ویران اور آسیب زدہ جگہوں پر جو پروگرام بنتے ہیں، ان کی ٹیم دوسرے آلات کے ساتھ یہ لازمی استعمال کرتی ہے کیونکہ اس کے بغیر موجودگی کا پتہ نہیں لگتا۔ اسی طرح دنیا کے مختلف ٹی وی چینلز پر جنوں کی موجودگی کا پتہ لگانے کے جو پروگرام لگتے ہیں، ان میں بھی اسی طرح کے میٹر استعمال کیے جاتے ہیں۔ آج سائنس کے دور میں بہت سے لوگ جنات سے انکاری ہیں۔ جو مانتے ہیں مگر یہ ماننے کو تیار نہیں کہ ہمارے گھر میں جنات کا اثر بھی ہے یا جنات موجود ہیں۔ اس میٹر کے ذریعے ہر کوئی چیک کر سکتا ہے کہ گھر میں کس کس جگہ پر جنات کا اثر ہے اور کس جگہ جنات موجود ہیں۔ بہت آسانی سے تھوڑی دیر میں پورا گھر چیک کیا جا سکتا ہے۔ گھر کے علاوہ کسی بھی جگہ کو چیک کیا جا سکتا ہے اور مریض کو مطمئن کیا جا سکتا ہے۔ عاملین کے لیے یہ آلہ بہت ہی مفید ہے۔ دو نمبر قسم کے فراڈ عاملین کو بے نقاب بھی کرنے کے لیے اس کو استعمال کیا جا سکتا ہے جو یہ کہتے ہیں کہ فلاں کے گھر میں خطرناک جنات ہیں، فوری عمل کروا لو ورنہ نقصان ہو جائے گا۔ اگر جنات ہوں گے تو اس میٹر سے ضرور پتہ لگے گا۔ خریدنے والے کو مکمل تربیت دی جاتی ہے کہ کس طرح اس کو استعمال کرنا ہے اور کیا کیا ضروری حفاظت کا بھی انتظام کرنا ہے۔

سادہ 14,500 روپے | **ڈیجیٹل 18,000 روپے**

جواہراتی تسبیحات

زندگی کے عمومی مسائل کے حل، روحانی مسائل کے حل، عملیات میں کامیابی یا عام زندگی میں ناکامی اور پریشانی کو دور کرنے کے واسطے جواہراتی تسبیحات استعمال کیجئے۔

تسبیح	دانے	قیمت
فیروزہ، عقیق (کالا، لال، ملٹی، سبز)	33 دانہ باریک	375
فیروزہ، مرجان، عقیق (کالا، لال، ملٹی)	33 دانہ میڈیم	500
عقیق (سبز)	33 دانہ میڈیم	550
ٹائیگر	33 دانہ میڈیم	700
سن سٹار	33 دانہ میڈیم	500
فیروزہ، مرجان، عقیق (لال، کالا، سبز، ملٹی، سیاہ، نیلا)	100 دانہ میڈیم	800
فیروزہ (نیلا، سفید)، عقیق (لال، کالا، سبز، ملٹی)	100 دانہ باریک	500
سن سٹار	100 دانہ میڈیم	850
فیروزہ، عقیق (کالا، لال، ملٹی، سبز)	33 دانہ موٹا	1000
فیروزہ، عقیق (کالا، لال، ملٹی، سبز)	33 دانہ ڈبل موٹا	1200

1 ہرن کی کھال — قیمت: 100 روپے فی مربع انچ

معیاری اور بالکل اصلی ہرن کی کھال دستیاب ہے۔ حب کے اعمال کے تعویذات اس پر لکھنے سے عمل فوری اثر کرتا ہے۔ روٹھے ہوؤں کو منانے، محبوب کے دل میں محبت اجاگر کرنے، دوسروں کو تسخیر کرنے نیز ہر قسم کے حب کے اعمال کے تعویذات اس پر لکھیں اور اس کے کرشمات ملاحظہ کریں۔

2 بھوج پتر

بھوج پتر اعمال شر کے لیے خاص ہے۔ بغض و عداوت اور جدائی کے اعمال اس پر تیار کرنے سے تاثیر بڑھ جاتی ہے۔ **قیمت: 100 روپے**

3 ہرن کی جھلی

ہرن کی جھلی خاص خاص عملیات میں استعمال ہوتی ہے۔ خاص کر محبت، تسخیر، شادی، فتح نامہ وغیرہ کے اعمال تیار کرنے میں۔ **قیمت: 60 روپے**

4 زعفران

زعفران کو روحانی علاج میں خاص مقام حاصل ہے۔ موکلات کو زعفران بہت پسند ہے، اس لئے زعفرانی سیاہی سے تیار شدہ اعمال پُرتاثیر ہوتے ہیں۔

اصلی افغانی زعفران قیمت: 300 روپے فی گرام

5 مشک نافہ

مشک نافہ کا استعمال روحانی علاج اور چلہ کشی میں بہت ہوتا ہے۔ مشک نافہ کو زعفرانی سیاہی میں ڈال کر خاص قسم کے تعویذات لکھتے ہیں۔ عموماً ایسے تعویذات فتوحات، ترقی، حفاظت، خاص جادو کا توڑ، فراخی کاروبار اور رزق وغیرہ جیسے اہم معاملات کے لیے ہوتے ہیں۔ قیمت کیلئے رابطہ کیجئے۔

6 کاغذ

جلانے، پلانے اور لکھنے کیلئے تعویذات مختلف قسم کے کاغذات پر لکھے جاتے ہیں۔ جو آپ ادارے سے منگوا سکتے ہیں۔ قیمتیں ملاحظہ ہوں۔

زعفرانی کاغذ: 200 روپے فی کلو | **سفید کاغذ: 180 روپے فی کلو**

ہرا پیپر: 150 روپے فی دستہ | **بٹر پیپر: 150 روپے فی کلو**

روحانی علاج کے لئے دم شدہ اشیاء برائے روحانی مریض و معالجین

روحانی نمک

روحانی نمک (1) جادو جنات: روحانی نمک تمام جسمانی، روحانی بیماریوں میں تریاق کا کام دیتا ہے۔ روحانی نمک کے استعمال سے تمام امراض سے بہت جلدی چھٹکارا مل جاتا ہے۔ **قیمت: 60 روپے**

روحانی نمک (2) پیٹ درد: ہر قسم کے پیٹ درد کے مریضوں کے لیے مفید نمک۔ پیٹ درد کی تمام علامات میں مفید۔ پیٹ درد کی تمام وجوہات کو ختم کرتا ہے۔ **قیمت: 60 روپے**

روحانی نمک (3) زبان بندی دشمن: اگر کوئی ایسا شخص ہو جس کی زبان کی وجہ سے لوگ بہت تنگ ہوں تو اس کے لیے خاص نمک تیار کروائیں۔ روحانی نمک مہینے میں صرف ایک دن تیار کیا جاتا ہے۔ جو تیار کروانا چاہیں، رابطہ کریں۔ **قیمت: 600 روپے**

روحانی آب شفاء

روحانی آب شفاء (جادو): "روحانی آب شفاء (برائے جادو)" جو کہ ایسے مایوس مریضوں کے لیے ایک تحفہ ہے۔ جو سالہا سال سے جادو کی زد میں ہوں، ان کے لیے روحانی آب شفاء ایک شفائی امید ہے۔ (ان شاء اللہ)

پیکنگ: آدھ لٹر قیمت: 70 روپے

روحانی آب شفاء (جنات): یہ پانی کسی بھی قسم کے جناتی اثرات سے نجات کے لیے بہت مفید ہے۔ اس روحانی پانی کا اگر گھر میں چھڑکاؤ کیا جائے تو ہر قسم کے جناتی اثرات سے نجات مل جاتی ہے۔ **پیکنگ: آدھا لٹر قیمت: 70 روپے**

روحانی آب شفاء (جادو جنات): یہ پانی کسی بھی قسم کے جادو اور جناتی اثرات سے نجات کے لیے بہت مفید ہے۔ یہ روحانی پانی جادو جنات سے متاثرہ ہر جگہ پر استعمال کیا جا سکتا ہے۔ **پیکنگ: آدھا لٹر قیمت: 70 روپے**

متفرق روحانی اشیاء

روحانی عرق گلاب (جادو جنات): جادو کے اثرات سے رہنے والے معدہ کے درد، دل کی حرکت، جسم پر رہنے والے بوجھ، بے چینی اور گھبراہٹ کی کیفیات کو ختم کرتا ہے۔ **قیمت: 200 روپے (450ml)**

روحانی شہد (برائے شوگر): شہد کے ویسے تو بے شمار فوائد ہیں۔ اگر دم کیا ہوا شہد شوگر جیسے موذی مرض کیلئے استعمال کیا جائے تو بہت فائدہ مند ثابت ہوتا ہے۔ **پیکنگ: 250 گرام۔ قیمت: 800 روپے**

روحانی شہد (جادو جنات): جادو کے دیگر علاج کے ساتھ استعمال کرنے سے مریض بہت جلدی ٹھیک ہو جاتا ہے۔ جادو کے اثرات سے رہنے والے معدہ کے درد کو ختم کرتا ہے۔

پیکنگ: 500 گرام۔ قیمت: 800 روپے

روحانی چینی (جادو جنات): روحانی چینی بیماریوں کے اس دور میں ایک خاص الخاص روحانی شفائی تحفہ ہے۔ روحانی چینی پر امراض روحانیہ و جسمانیہ سے چھٹکارے کے لیے خاص دم کیے گئے ہیں۔ **قیمت: 100 روپے**

روحانی پھکی: پیٹ درد، گیس، بدہضمی، قبض، بھوک کی کمی، متلی، بیماریاں، قے وغیرہ کے لیے تیار کردہ خاص پھکی۔ **قیمت: 80 روپے**

روحانی ڈوری اثرات بد: یہ روحانی ڈوری ہر طرح کے بد اثرات سے نجات اور حفاظت کے لئے بہت مجرب ہے۔ **قیمت: 300 روپے**

روحانی راکھ (جادو): روحانی راکھ ایک خاص طریقے سے تیار کی جاتی ہے جو مختلف جسمانی امراض کے ساتھ ساتھ جادو کے متاثرہ مریضوں کے لیے بھی حیران کن اثرات کی حامل ہے۔ **قیمت: 250 روپے**

روحانی صابن (جادو): تردد اور تذبذب سے بے نیاز ہو کر ایک بار تجربہ ضرور کریں۔ یہ صابن ردِ سحر اور ردِ امراض بھی ہے۔ جسمانی اور روحانی امراض کے لئے یکساں مفید ہے۔ **قیمت: 150 روپے**

معاشی مسائل کا روحانی حل

مرتب: اراکین روحانی علاج گاہ

زمین جلد بک جائے

یہ وظیفہ اکیس (۲۱) یوم پابندی سے کریں۔ سب سے بہتر وقت نمازِ عصر کے بعد کا ہے۔ گھر والے بھی مل کر پڑھ سکتے ہیں۔

کوئی بھی درود شریف تین سو پینسٹھ (۳۶۵) بار اور مندرجہ ذیل کلمات تین سو پینسٹھ (۳۶۵) بار پڑھیں اور دعا مانگیں۔ اگر زیادہ افراد مل کر پڑھیں تو اختتام تک سب بیٹھے رہیں اور کوئی ایک دعا کروائے۔ کلمات یہ ہیں: لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ لَا مَلْجَاَ وَلَا مَنْجَاَ مِنَ اللّٰهِ اِلَّا اِلَى اللّٰهِ۔ ان شاء اللہ زمین بکنے کے اسباب پیدا ہو جائیں گے۔ اگر گاہک لگ جائیں اور ڈیل مکمل نہ ہو تو اکیس یوم کے بعد بھی وظیفہ کو جاری رکھیں، جب تک ڈیل نہ ہو۔ چالیس یوم سے زیادہ نہیں پڑھنا۔ ان شاء اللہ، زمین بک جائے گی۔

مکان یا کسی دوسری جگہ کو خالی کرانا

حضرت خواجہ شمس الدین عظیمی مدظلہ تحریر فرماتے ہیں کہ ذاتی ضرورت کے لئے یا کرایہ دار کی طبیعت سے بیزار ہونے کے بعد مکان یا کسی جگہ کو خالی کرانا مقصود ہو تو عشاء کی نماز کے بعد تین سو مرتبہ

وَاَلْقَتْ مَا فِيْهَا وَتَخَلَّتْ ۝ (الانشقاق:۴)

پڑھ کر آنکھیں بند کر لیں اور کرایہ دار کا تصور کر کے پھونک مار دیں۔ عمل کی مدت کم سے کم چالیس روز اور زیادہ سے زیادہ نوے دن ہے۔

عہدہ/نوکری واپس ملے

اگر کوئی شخص اپنے عہدے سے معزول ہو گیا ہو یا نوکری سے نکال دیا گیا ہو تو سورۂ یوسف کی کثرت سے تلاوت کرے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ واپس اپنے عہدے پر بحال ہو گا۔

قرض کی ادائیگی

سورۂ یٰسین روزانہ باوضو بعد نمازِ عشاء، سات (۷) مرتبہ پڑھے۔ یہ عمل قرض کی ادائیگی کے لیے اکسیر ہے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ، جلد ہی قرض سے نجات حاصل ہو گی۔

ملازمت اور رزق کی ترقی کے لیے

ملازمت مل جانے، نوکری مل جانے اور رزق کی ترقی کے لیے سورۂ واللیل باوضو روزانہ اکتالیس (۴۱) مرتبہ پڑھے اور اکتالیس (۴۱) روپے اللہ کی راہ میں تقسیم کرے۔ اکتالیس (۴۱) دن تک پابندی کے ساتھ عمل کرے، ناغہ نہ کرے۔ اس عمل کے دوران کچا لہسن، کچی پیاز اور ہینگ کا استعمال نہ کرے ورنہ عمل میں اثر پیدا نہ ہوگا۔ اس عمل کی برکت سے ان شاء اللہ تعالیٰ کہیں نہ کہیں ملازمت ضرور مل جائے گی اور رزق میں ترقی اور برکت ہو گی۔

قرض وصول کرنے کے لیے

"یَامُزَمِّلُ" ایک سو گیارہ (۱۱۱) مرتبہ پڑھیں، اول و آخر گیارہ بار درود شریف۔

رزق میں کشادگی اور بے روزگاری سے نجات

حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ ۝ (ال عمران:۱۷۳)

تین سو انتالیس (۳۳۹) مرتبہ روزانہ حسب سہولت پڑھنے سے رزق میں کشادگی ہوتی ہے اور اگر بے روزگاری ہو تو اس سے نجات ملتی ہے۔

بے روزگاری سے نجات

بے روزگار حضرات عشاء کی نماز کے بعد یہ وظیفہ پڑھیں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ جلد روزگار لگ جائے گا۔

"یَا وَهَّابُ" چار سو چودہ (۴۱۴) مرتبہ اور

"یَا وَهَّابُ هَبْ لِيْ مِنْ نِعْمَةِ الدُّنْيَا وَ الْاٰخِرَةِ اِنَّكَ اَنْتَ الْوَهَّابُ" ایک سو بارہ (۱۱۲) مرتبہ۔ پھر اللہ تعالیٰ سے خوب خشوع و خضوع کے ساتھ دعا مانگیں۔

مرتب: مولانا علی آفاق (مدیر خزینہ روحانیات)

لڑکے کو راضی کرنے کا خاص نماز والا عمل

ہر لڑکے اور لڑکی کو حق ہے کہ وہ اپنی پسند سے شادی کرے۔ اگر کوئی لڑکی چاہے کہ کسی پسند کے لڑکے سے شادی کرے تو وہ یہ عمل کرے۔ یقین سے کریں۔ جس دن پاکی کا غسل کریں، اس دن سے اس عمل کا آغاز کریں۔

نمازِ عشاء کے بعد چار رکعت نفل نماز اس طرح سے پڑھے کہ پہلی رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد سورۂ کافرون پڑھے اور پہلی رکعت میں سورۂ کافرون پڑھنے کے بعد پچاس (50) مرتبہ "یَاوَدُوْدُ" پڑھے۔ پھر رکوع میں پچاس (50) مرتبہ "یَاوَدُوْدُ"، پھر کھڑے ہو کر پچاس (50) مرتبہ "یَاوَدُوْدُ"، پھر سجدے میں پچاس (50) مرتبہ "یَاوَدُوْدُ" پڑھے۔ پھر جلسے میں پچاس (50) مرتبہ "یَاوَدُوْدُ"، پھر دوسرے سجدے میں پچاس (50) مرتبہ "یَاوَدُوْدُ" پڑھے۔ پھر دوسری رکعت میں کھڑے ہو کر سورۂ فاتحہ کے بعد سورۂ اخلاص پڑھے اور اسی طرح پچاس (50) مرتبہ "یَاوَدُوْدُ" پڑھے۔ تیسری رکعت میں سورۂ فلق کے بعد اسی ترتیب سے پڑھے اور چوتھی رکعت میں سورۂ والناس کے بعد اسی طرح پڑھے۔ پھر نماز مکمل کرلے۔ اس طرح چاروں رکعتوں میں بارہ سو (1200) مرتبہ "یَاوَدُوْدُ" ہو جائے گا۔ سلام پھیرنے کے بعد دُعا ہر روز بلا ناغہ کرے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ اکیس یوم کے بعد اثرات ظاہر ہوں گے اور جس مقصد کیلئے عمل کیا گیا ہے، بفضلِ تعالیٰ اس میں ضرور کامیابی ہوگی اور چاروں قل شریف اور "یَاوَدُوْدُ" کی برکت سے محبت پیدا ہو جائے گی اور لڑکا شادی کے لیے بھی رضامندی ظاہر کرے گا۔ بہت مجرب ہے۔

سب گھر والوں کو راضی کرنے کا وظیفہ

بسا اوقات رشتہ داری میں یوں ہوتا ہے کہ گھر کا کوئی فرد اپنے کسی رشتہ دار کے ہاں رشتہ طے کرنا چاہتا ہے مگر سب گھر والے راضی نہیں ہوتے تو ایسی صورت میں سب گھر والوں کو راضی کرنے کے لئے ہر روز نماز فجر کے بعد باوضو حالت میں قبلہ رو ہو کر بیٹھے۔ کسی سے کوئی کلام نہ کرے اور ایک سو ایک (101) مرتبہ سورۂ تکاثر پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے اپنے مقصد کے حصول کیلئے دعا مانگے، ان شاء اللہ تعالیٰ اس کی دعا بارگاہ الٰہی میں قبولیت کا شرف حاصل کرے گی اور جس جگہ چاہتا ہے اس کی شادی ہو جائے گی۔ اگر ہر روز یہ ایک سو ایک (101) مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کرے اور یہ دم کیا ہوا پانی گھر والوں کو کسی طرح سے پلا دیا کرے تو اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے مقصد بہت جلد حاصل ہوگا۔ اس وظیفہ کو صرف جائز جگہ استعمال کریں۔

گھر والوں کو پسند کے رشتہ کے لیے راضی کرنا

عشاء کے بعد یا تہجد کے وقت گیارہ سو گیارہ (۱۱۱۱) دفعہ یہ درود شریف پڑھ کر بارگاہ الٰہی میں دعا گو ہوں۔ مدت عمل اکیانوے (۹۱) دن ہے۔ دعا یہ ہے: "اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ ذِی الْعِزِّ وَالْکِبْرِیَاءِ وَ صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی مُحَمَّدٍ خَاتَمِ الْاَنْبِیَاءِ"

حسب مرضی جگہ شادی کے لئے

اگر کسی لڑکی سے شادی کرنا چاہتا ہے اور لڑکی والے بلاوجہ انکار کرتے ہے حالانکہ جوڑ بھی صحیح ہے، لڑکا شکل وصورت اور ملازمت کاروبار میں ٹھیک ہے تو اس کے لئے یہ عمل کرے۔ عشاء کی نماز کے بعد جب سب لوگ سو جائیں تو دو رکعت نماز نفل ادا کرے اور تشہد کی ہیئت (شکل) میں قبلہ کی طرف رخ کر کے بیٹھے اور حضورِ قلب سے مندرجہ ذیل آیت چار سو پچاس (۴۵۰) مرتبہ پڑھے اور اپنے مطلوب کا تصور کرے، جب یہ تعداد پوری کرلے تو سات مرتبہ دعائے حزب البحر پڑھے۔ اسی طرح روزانہ کرتا رہے، ان شاء اللہ تعالیٰ کامیابی حاصل ہوگی۔ آیت یہ ہے:

حَسْبُنَا اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ (ال عمران:۱۷۳)

محمد زبیر اعوان

”وہ لڑکی جس کے ساتھ ایک جن نے شادی کرلی تھی“

قسط نمبر: 2

زیادہ تر مغرب کی اذان شروع ہوتے ہی ماورا کی طبیعت بگڑنا شروع ہوجاتی، عمومی طور پر یہ بھی تصور کیا جاتا ہے کہ مغرب کی اذان کے وقت جنات کہیں بھی آ جا رہے ہوں، جیسے ہی اذان شروع ہوتی ہے تو وہیں بیٹھ جاتے ہیں اور اگر نیچے کوئی جانور یا انسان موجود ہو تو اس میں سرائیت کرجاتے ہیں۔ مغرب کے وقت اگر ماورا کی طبیعت خراب نہیں ہوتی تھی تو رات 12 بجے کے بعد اسے کچھ نہ کچھ دکھائی دینا شروع ہوجاتا تھا۔ کبھی کمرے میں موجود کسی بلی کی شکل میں جنات ماورا کو دکھائی دیتے تو کبھی ہاتھی بن کر آجاتے، یہ سلسلہ پو پھوٹنے تک جاری رہتا، جیسے ہی اذان شروع ہوتی تو وہ سکون کی نیند سوجاتی اور پھر دوپہر تک سوئی رہتی۔

اسی طرح ہفتے کے دو دن یعنی منگل اور اتوار یا ہفتے کی شام جنات کی طرف سے چھیڑ خانی کے امکانات زیادہ ہوتے تھے، جنات کے آنے سے قبل ہی ماورا کو پتہ چل جاتا تھا، اسے آمد سے کچھ وقت پہلے سے آگے پیچھے سایہ محسوس ہوتا تھا جیسے کوئی اس کے ساتھ چل پھر رہا ہو، وہ بھی یہ محسوس ہونے پر پریشان ہوجاتی کہ آج کی رات پھر بے سکونی میں بیتے گی لیکن بروقت کوئی اس کی مدد کرنے والا نہیں تھا، جنات کی حاضری کے وقت ہی وہ خاتون کچھ معاونت کرپاتی تھی۔

”وہ لڑکی جس کے ساتھ ایک جن نے شادی کرلی تھی“۔۔۔قسط نمبر 2 پڑھنے کیلئے یہاں کلک کریں

یہ سلسلہ چند دن مزید ایسے ہی چلتا رہا اور درمیان میں کسی نہ کسی وقت پیر صاحب خود بھی دم کردیتے تھے لیکن اب ماورا کے مزاج میں بھی تلخی آنا شروع ہوگئی تھی، کبھی کسی کو گالیاں نکالنا شروع ہوجاتی تو کبھی گھر میں موجود کسی نہ کسی چیز کی توڑ پھوڑ شروع کردیتی، کبھی چھری اٹھا کر گھر میں پڑے بھالو کی آنکھیں نکالنے کی دھمکیاں دیتی، کبھی کچھ نہ کچھ بجا کر بے شک برتن ہی کیوں نہ ہوں، شور پیدا کرنے کا مطالبہ کرتی، اب اہلخانہ کی پریشانی بھی شروع ہوگئی تھی لیکن اب اس پریشانی کا سامنا کرنے کے علاوہ کوئی چارہ بھی نہیں تھا۔

پیر صاحب روحانی طور پر کافی منازل طے کرچکے تھے اور جنات بھی اب ان سے نہایت مودبانہ لہجے میں بات کرتے، اب روزانہ کسی نہ کسی وقت دم کرنے کی نوبت شروع ہوگئی تھی، طبیعت خراب نہ ہونے پر کبھی کبھار ناغہ ہوجاتا ورنہ دم کرکے جنات کو حاضر کرنا اور پھر منت سماجت کرکے یا ڈرا دھمکا کر دوبارہ نہ آنے کا وعدہ لے لیا جاتا اور پھر جانے کی اجازت دے دی جاتی لیکن چند ایک ایسے جنات بھی ہوتے تھے جو بہت ضد کرتے تھے اور پھر آنے کو کہہ کر چلے جاتے۔

جنات وغیرہ پر یقین نہ رکھنے اور روحانیت سے ناواقف مجھ جیسے ناچیز کیلئے سب سے حیران کن بات یہ تھی کہ ایک دن میری موجودگی میں دم کیا گیا، ماورا چارپائی پر تکیے کی ٹیک لگائے بیٹھی ہوئی تھی، ساتھ ہی پیر صاحب بھی کرسی پر تشریف فرما تھے، ماورا کے دوپٹے کے اوپر سے بالوں پر پیر صاحب کا ہاتھ تھا۔ ماورا پہلے غصیلے اور پھر نرم لہجے میں سوالات کا جواب دیئے جارہی تھی، ایک جن نے دوبارہ نہ آنے کا پیر صاحب سے وعدہ کیا لیکن وہ ماننے کو تیار نہیں تھے۔ یہ معلوم نہیں کہ واقعی نہیں مان رہے تھے یا صرف ہاتھ کے پیچھے آئے جن کو ڈرا رہے تھے۔ جن کو ہدایت کی گئی کہ اگر وہ سچ بول رہا ہے اور دوبارہ واقعی واپس نہیں آئے گا تو کوئی نشانی چھوڑ کر جائے۔ جن بھی مان گیا اور ماورا نے بتایا کہ وہ ایک گولڈن سکہ دکھ رہا ہے اور اب کمرے میں ہی رکھ دیا۔ اس کے ساتھ ہی جن کو جانے کی اجازت دے دی گئی۔ بعدازاں وہی سنہری رنگ کا سکہ ماورا کے اسی کمرے میں ہی موجود ایک ٹیبل کی دراز سے ملا۔ آپ سوچ رہے ہوں گے کہ شاید جن سونا دے گیا تھا تو آپ غلط ہیں۔ جن کی طرف سے دیا گیا گولڈن رنگ کا سکہ دراصل پلاسٹک کا تھا لیکن اس پر سنہری رنگ تھا، آپ

وہ پلاسٹک کی پیلی ٹرانی کا ٹوٹا ہوا کوئی حصہ ہوگا۔ پیر صاحب نے بتایا کہ اب یہ دوبارہ نہیں آئے گا، اس نے اپنے وعدے کے بعد نشانی بھی چھوڑی ہے، مزید کسی دوسرے جن کے بارے میں کچھ نہیں کہا جا سکتا۔

عموی طور پر مغرب کے وقت ہی ماورا کی طبیعت خراب ہوتی یا یوں سمجھیں کہ جنات تنگ کرنے آتے تھے لیکن اب جس مقام پر ماورا مقیم تھی، اس سارے پلازے کو ہی 'کیلہ' جا چکا تھا تو اس وجہ سے وہ یہاں زیادہ ہلچل مچانے کے قابل نہیں تھے۔ اب یہاں سے ایک نیا سلسلہ شروع ہو رہا تھا، جنات ماورا کے جاننے والی مختلف شخصیات، خود پیر صاحب یا کسی پڑوسن کی آواز میں اسے بلانا شروع ہو گئے تھے تاکہ وہ گھیرے سے باہر اور کیل (کیلوں سے حصار کی گئی جگہ) سے آزادی میں آ سکیں۔ ایسے میں رات کے دو بجے بھی ماورا گھر کا دروازہ کھول کر باہر نکل جاتی، گھر کے کسی فرد کی طرف سے روکے جانے کی صورت میں مزاحمت کا سامنا کرنا پڑتا یہ موقف اپناتی کہ اب فلاں آواز دے رہا ہے تو اب فلاں، آپ لوگ مجھے ان کی بات کیوں نہیں سننے دیتے۔۔۔ اب اس وقت وہ کوئی دلیل بھی سننے کو تیار نہ ہوتی اور محلہ داری کو دیکھتے ہوئے اہلخانہ میں سے بھی کوئی اس نوجوان لڑکی سے زبردستی نہیں کر سکتا تھا۔ اس نے ایک طرح سے سب کو بے بس کر کے رکھ دیا تھا۔

ایسے میں اہلخانہ کا صبر بھی جواب دینے لگا اور اب تک جنات کے خلاف انتہائی قدم اٹھانے سے گریز کرنے والے پیر صاحب کے پاس بھی کوئی چارہ نہیں تھا، انہوں نے اس خلائی مخلوق کے ساتھ سختی سے نمٹنے کا فیصلہ کر لیا۔

(جاری ہے)

تصوف میں تین قسم کے اصحاب آپ کو ملیں گے۔ اول بیعت و ہدایت، رشد و تعلیم، پیری و مریدی کے قائل ہی نہیں۔ مسلمان ہونے کے بعد مرید ہونے کی ضرورت نہیں۔ دوم بیعت کو ضروری جانتے ہوئے وہ کسی کو اپنے خیال سے بہتر جانتے ہوئے مرید ہو جاتے ہیں۔ سوم بیعت کو ضروری سمجھتے ہوئے بھی مرید نہیں ہوئے مگر پیر کامل کی تلاش ہے۔

میں نہیں سمجھتا کہ اولیاء اللہ کی شناخت کا کون سا معیار ان کے پاس ہے؟ مگر منظر عام یہ ہے کہ جس سے کوئی کرامت ظاہر ہو رہی ہو، وہ قابل بیعت ہے۔ لیکن خرق عادت اور کرامت کوئی معیار نہیں۔ کرامت علاوہ مسلمان کے دوسرے مذہب والے سے بھی ممکن ہے۔ اسے تصوف میں استدراج کہتے ہیں۔ ایک صاحب نے دریافت کیا ہے کہ اس زمانے میں کوئی اہل ہے جس سے بیعت کی جائے؟ اس کے متعلق میں ایک خاص معیار پیش کرتا ہوں اور یہ میرا مقرر کردہ نہیں ہے بلکہ رہنمائے دو عالم، حضور علیہ السلام کا مقرر کردہ ہے اور اس سے بہتر مرشد کامل کی پہچان کا معیار اور نہیں ہو سکتا۔ فرمایا حضور ﷺ نے یعنی "جب تم ان کو دیکھو تو خدا یاد آ جائے۔" اور اس کا ذکر بھی اچھا معلوم ہو۔ ایک اور موقع پر ارشاد فرمایا یعنی "ان کے پاس بیٹھنے والا کبھی بدنصیب (گمراہ) نہیں ہو سکتا۔" اور پریشان حال بھی نہیں ہوتا۔ یہی فرمان کے مطابق تمام اولیائے کاملین کا اس پر اتفاق ہے کہ ولی کامل وہی ہے جس کی صحبت میں ہر دنیوی تعلق سے سلسلہ ٹوٹ کر خدا سے مل جائے اور ان کی صحبت میں دنیا کا خیال بھی نہ آئے۔ کامل بزرگ وہ ہے جس کی مجلس میں بیٹھ کر یہ بھی ہوش نہ رہے کہ میں دنیا میں ہوں یا نہیں۔ میں ایک موٹی سی مثال آپ کے سامنے پیش کرتا ہوں کہ ہر دکان پر وہی چیز ملے گی جس کے لیے وہ دکان ہے۔ آپ کپڑے والے کی دکان پر میوہ تلاش کریں تو بے فائدہ ہے۔ اولیاء اللہ کی دکان میں خدا ملتا ہے، وہاں دنیا کی تلاش اور جستجو بے کار ہے۔

چند خاص الخاص روحانی اعمال

مرتب: اراکین روحانی علاج گاہ

صلوٰۃ کن فیکون

یہ نماز خاص رازوں میں سے ایک راز ہے۔ یہ اولیاء اور صوفیاء کے ہاں تو ملتی ہے، مگر عاملین اور عوام کو زیادہ معلوم نہیں ہے۔ اس نماز کی خاصیت یہ ہے کہ ایک ہی بار پڑھ کر جس مشکل سے نجات کی دعا مانگی جاتی ہے، اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے اس سے نجات عطا فرماتے ہیں۔ طریقہ یہ ہے:

شب جمعہ کے اخیر پہر میں دو رکعت نماز خلوت میں پڑھی جائے۔ اول رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد سورۂ انعام آیت ۹۳ تک پڑھی جائے۔ پھر رکعت کو مکمل کریں۔ دوسری رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد سورۂ انعام آیت ۹۴ سے آخر تک پڑھی جائے۔ سلام کے بعد یک سو مرتبہ نبی کریم ﷺ اور ان کی آل پر درود بھیجیں۔ پھر اپنے مقصد کا اللہ تعالیٰ سے سوال کریں۔

سات اذانوں کا خاص عمل

دکان نہ چلتی ہو۔ بچے روتے ہوں۔ جنات کے اثرات۔ گاڑی خراب ہو۔ کام پھنس جائے۔ نیز خواتین بھی پڑھ سکتی ہیں۔

اذان ایسے پڑھیں جیسے قرآن پڑھ رہے ہوں۔

1. اوپر کی طرف پھونک ماریں
2. نیچے کی طرف پھونک ماریں
3. دائیں جانب
4. بائیں جانب پڑھ کر پھونکیں
5. سامنے
6. پیچھے
7. چاروں طرف پھونکیں

ہر نماز کے بعد عمل کرنا ہے۔

غیبی دائرہ

اگر کوئی شخص غیبی حالات جاننے کا خواہش مند ہو تو اس کو چاہئے کہ کسی سفید کاغذ پر ایک گول دائرہ بنائے اور اس کے چاروں طرف اسم باری تعالیٰ "یا علیم" لکھے۔ رات کے بارہ بجے اس کاغذ کو اپنے سامنے رکھ کر 3125 مرتبہ یہ عمل پڑھے: "یاعلیم علمنی من اسرار الغیب۔" یاد رکھیں کہ گول دائرہ پر نظر قائم کر کے یکسوئی سے عمل پڑھیں۔ دوران عمل مختلف نظارے نظر آئیں گے۔ کمرہ میں زیرو کا بلب روشن کریں۔ چالیس یوم کے بعد عامل کسی بھی چیز کا خیال کر کے اور یکسوئی و تصرف سے دائرے پر اپنی نظر قائم کر کے اس عمل کو پڑھے گا تو اس جگہ کے حالات فوراً اس دائرہ میں ظاہر ہوں گے۔ یاد رکھیں! کسی بھی عمل کی کامیابی کیلئے یکسوئی و تصرف کا ہونا لازمی ہے۔

آیہ شریفہ "حسبنا اللہ و نعم الوکیل" کے خواص

حضرت قاری عبد لسنان نقشبندی مدظلہ العالی نے تحریر فرمایا ہے کہ جو شخص چاہے کہ اللہ تعالیٰ اس کے تمام کاموں میں وکیل اور کفیل ہو اور تمام مخلوق کے شر سے اس کو بچا دے اور اپنی مدد سے اس کی تائید کرے اور بندوں کے دلوں میں اس کی محبت ڈالے اور اپنے فضل و کرم سے اس کو امیر بنا دے تو اس کو چاہئے کہ رات دن میں حسبنا اللہ ونعم الوکیل موافق اس کے اعداد کے یعنی چار سو پچاس مرتبہ پڑھا کرے۔

جو شخص رات دن میں موافق تعداد مذکور کے آیۃ مذکورہ پڑھ کر آیت فانقلبوا بنعمۃ من اللہ وفضل لم یمسسھم سوء بھی چھ مرتبہ پڑھے اور ساتویں دفعہ واتبعوا رضوان اللہ واللہ ذوفضل عظیم کہے تو وہ شخص اللہ جل شانہٗ کی مضبوط حفاظت میں رہے گا۔ اور اس کی ان امانتوں میں سے ہو گا کہ جو ضائع نہیں ہوتیں اور اپنی حرکات و سکنات میں مورد الطاف رحمانی ہو گا۔ اور باذن اللہ تعالیٰ تمام موذیات سے محفوظ رہے گا۔ پس مداومت کر حسبنا اللہ ونعم الوکیل کے پڑھنے پر موافق تعداد مذکور کے، وہ ضرور اپنی مراد کو پہنچے گا اور ان لوگوں کے ہمراہ ہو گا کہ جن کو قیامت کے دن نہ کچھ خوف ہے اور نہ غم۔

یاقھار کے عامل بنیں
ہدیہ 4100 روپے
یاقھار اللہ پاک کے صفاتی ناموں میں سے جلالی صفات کا مظہر ہے۔ اس اسم اعظم کے خواص لاتعداد ہیں۔
جنات کیلئے بڑے بڑے ظالموں اور دشمنوں کیلئے قہر خداوندی ثابت ہوتا ہے۔ اس اسم اعظم کے عامل
ڈرتے ہیں۔ اس اسم اعظم کا عامل ہر طرح کے جادوگر کے ایوانوں میں زلزلے برپا کر دیتا ہے۔ یاقھار کا عامل جادو جنات کے بڑے بڑے معاملات کو چٹکیوں میں حل
کرسکتا ہے۔ یاقھار کے عامل سے جنات اور شیاطین ڈر اور خوف کھاتے ہیں۔
ناجائز دوستی ختم کرنا
دشمنوں میں جدائی
دشمن کو ذلیل کرنا
پریشانیوں سے چھٹکارا حاصل کرنا
دشمن دشمنی سے باز آئیں
امراض اطفال
دفع سحر
حفاظت از شر نفس
کون عامل بن سکتا ہے
اس عمل کا ہر کوئی عامل بن سکتا ہے۔ عمر کی کوئی قید نہیں۔ مرد و خواتین دونوں عامل بن سکتے ہیں۔
عمل کی فیس
اس عمل کی اجازت چونکہ نقد ہدیہ کے ساتھ مشروط ہے، اس لئے جو بھی اجازت لینا چاہے، وہ نقد ہدیہ ادا کر کے اجازت لے سکتا ہے۔
خاص اجازت
جو لوگ چلہ کشی نہیں کر سکتے، ان کو خاص اجازت بھی دی جاتی ہے، جس میں ضرورت پڑنے پر مختصر مدت میں ریاضت کروا کر عمل جاری کروا دیا
جاتا ہے۔ خاص اجازت کا ہدیہ عام اجازت سے دوگنا ہوتا ہے۔
0333-7772775 0309-7772775 042-35410586
روحانی درسگاہ دارالعمل لاہور پاکستان
ruhanidarsgah ruhanidarsgah97
darulamal.org/ruhanidarsgah, ruhanidarsgah@gmail.com
یاقابض کے عامل بنیں
ہدیہ 2600 روپے
یاقابض اللہ پاک کے صفاتی ناموں میں سے جلالی اسم مبارک ہے۔ یہ اسم مبارک اپنے اندر بے شمار کمالات عجیبہ رکھتا ہے۔ قدیم عاملین اور روحانی بزرگوں نے
اس کے بہت ہی زیادہ کمالات بیان فرمائے ہیں۔ اس کا ایک کمال یہ ہے کہ اس کے عامل کے دل سے ہر طرح کا خوف ختم ہو جاتا ہے اور وہ بڑے بڑے خطرناک
اور جان لیوا روحانی مسائل میں بلاخوف و خطرات ہاتھ ڈال سکتا ہے۔ قبرستان، جنگلوں، ویرانوں، بیابانوں کی چلہ کشی بڑے اعمال کی ریاضت کا رعب اور ان کا انجانا خوف
